صنعت و تجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی
E-mail: Tijaratnewshd@gmail.com
Cell: 0313-1176161
چیف ایڈیٹر: سید وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد 26 | شمارہ: 05 | 02 تا 08 فروری 2026ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

کراچی سے پاکستان کے سارے قرض اتار سکتے ہیں

تاجروں اور کاروباری برادری کی پریشانیوں اور چیلنجز کا احساس ہے جہاں اب کاروباری اعتماد بہت اچھا نہیں رہا، ٹیکسوں کے مسائل ہیں، سیکیورٹی بہت آئیڈیل نہیں ہے

تمام منفی چیزوں کے باوجود کچھ بہت اچھی چیزیں ہورہی ہیں، ملک کی 25 کروڑ آبادی میں 65 فیصد نوجوان ایک اچھے مستقبل کی ضمانت ہیں، چیئرمین نیب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین لیفٹننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا ہے کہ کراچی سے پاکستان کے سارے قرض اتار سکتے ہیں، یہ بات انھوں نے کراچی میں کاروباری طبقے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ چیئرمین نیب لیفٹننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد نے کہا کہ کراچی کے تاجروں اور کاروباری برادری کی پریشانیوں اور چیلنجز کا ادراک ہے جہاں اب کاروباری اعتماد بہت اچھا نہیں رہا. ٹیکسوں کے مسائل ہیں، سیکیورٹی بہت آئیڈیل نہیں ہے، یہ معاملات میرے نہیں لیکن یہ اعتماد پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ چیئرمین نیب نے تاجر برادری کو یقین دہانی کرائی کہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ آپکے معاملات حل کرائیں گے، تمام منفی چیزوں کے باوجود کچھ بہت اچھی چیزیں ہورہی ہیں۔ ملک کی 25 کروڑ آبادی میں 65 فیصد نوجوان ہیں جو ایک اچھے مستقبل کی ضمانت ہے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

وزیراعظم کے اقدامات صنعتی بحالی کی جانب مضبوط قدم ہیں

پیداواری لاگت میں کمی، صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور برآمدات میں اضافے کا باعث بنے گی، صدر کاٹی

فنانسنگ ریٹ کو پالیسی مائنس 3 سے بڑھا کر مائنس 6 فیصد کرنے کا اقدام برآمد کنندگان کیلئے ایک بڑی سہولت ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت نے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویز لغاری اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی جانب سے صنعتوں اور برآمد کنندگان کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اعلان کردہ اقدامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلے ملکی معیشت کے لیے نہایت مثبت اور بروقت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی حالیہ تقریر میں صنعتی اور برآمدی شعبے کے لئے ریلیف کیلئے جن اقدامات کا اعلان کیا ہے، وہ نہ صرف معیشت کی بحالی میں کلیدی کردار ادا کریں گے بلکہ پیداواری لاگت میں کمی، صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور برآمدات میں اضافے کا باعث بنے گی۔ صدر کاٹی نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ PIA نجکاری کی دستخطی تقریب کے موقع پر فیلڈ مارشل عاصم منیر، عارف حبیب و دیگر ساتھ کھڑے ہیں

صوبوں کو وفاق کی نسبت زیادہ ٹیکس وصول کرنا پڑے گا

تعلیم اور صحت صوبوں کے پاس ہیں، ریاست کا کام ہے کہ ٹیکس وصولی کرے اس میں چند کام صوبے کرتے ہیں

زرعی انکم ٹیکس وصولی کی صلاحیت 3.5 ٹریلین ہے لیکن یہ چھ ارب روپے کے قریب اکٹھا کیا جاتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے کہا کہ صوبوں کو وفاق کی نسبت زیادہ ٹیکس وصول کرنا پڑے گا، تعلیم اور صحت صوبوں کے پاس ہیں، ریاست کا کام ہے کہ ٹیکس وصولی کرے اس میں چند کام صوبے کرتے ہیں۔ تھینک فیسٹ کے تیسرے اور آخری روز این ایف سی ایوارڈ پر مذاکرے میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا صوبوں کے پاس زرعی انکم ٹیکس، خدمات پر سیلز ٹیکس اور پراپرٹی ٹیکس وصولی کا اختیار ہے، یہ 2.5 فیصد ہونا چاہئے، باقی 12.5 فیصد وفاق نے وصول کرنا تھا لیکن وفاق 11.4 فیصد وصول کررہا ہے۔ ٹیکس وصولی کی شرح 18 فیصد ہونی چاہئے۔ زرعی انکم ٹیکس وصولی کی صلاحیت 3.5 ٹریلین ہے لیکن یہ چھ ارب روپے کے قریب اکٹھا کیا جاتا ہے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

وزیر اعظم: پاکستان دنیا کے نقشے پر مضبوط ملک بن کر ابھرے گا

ایکسپورٹ ری فنانسنگ شرح میں 3 فیصد، لوبلنگ چارجز میں 9 روپے کمی، ایوارڈ یافتہ برآمد کنندگان کو بلیو پاسپورٹ مراعات ملیں گی، ایڈوانس ٹیکس کا معاملہ آئی ایم ایف کیساتھ اٹھائیں گے

فیلڈ مارشل کے تعاون سے بہت سے معاملات حل، معرکہ حق نے دھاک بٹھادی، دنیا میں اب بات مانی جاتی ہے، غربت اور بیروزگاری پر قابو پانا ہوگا، ترقی سے بھارت کو غشی کے دورے پڑینگے، ایوارڈز تقریب سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے صنعتوں کیلئے بجلی چار روپے چار پیسے مزید سستی کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا حکومت اور فوج کی پارٹنرشپ اسی طرح چلتی رہی تو پاکستان دنیا کے نقشے پر مضبوط ملک بن کر ابھرے گا۔ وزیراعظم نے نمایاں برآمد کنندگان اور کاروباری شخصیات کو 2024 اور 2025 میں ان کی کارکردگی کی بنیاد پر ایوارڈز دینے کی تقریب میں ایکسپورٹ ری فنانسنگ کی شرح 7.5 فیصد سے کم کرکے 4.5 فیصد کرنے، ویلنگ چارجز میں 9 روپے کی کمی، نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بڑے برآمد کنندگان کیلئے دوسال تک بلیو پاسپورٹس کی مراعات کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا برآمد کنندگان کی غیر متزلزل محنت سے ملک میں اربوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube
www.tijaratnews.tv 0313-1176161
TIKTOK

انڈسٹری کو ترجیحی بنیادوں پر گیس فراہمی کیلئے پرعزم ہیں، چیئرمین ایس ایس جی سی آصف انعام

ماہ جنوری میں سخت سردی کے باعث گیس کی طلب میں اضافہ ہوا ہے، ایم ڈی امین راجپوت

گیس کی قلت اور پریشر میں کمی سے صنعتیں بند ہونا شروع ہوگئی، صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت

کراچی (کامرس رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (ایس ایس جی سی) کے چیئرمین آصف انعام نے کہا ہے کہ بورڈ میں نئے ممبران شامل ہوئے ہیں جن میں اکثریت اسٹیک ہولڈرز ہیں جو ایس ایس جی سی کے مسائل اور ان کے حل سے باخوبی واقف ہیں۔ ایس ایس جی سی گھریلو صارفین کے ساتھ انڈسٹری کو بھی ترجیحی بنیادوں پر گیس فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

وزیراعظم خصوصی ریلیف پیکیج

صنعتوں کے لیے بجلی کے ٹیرف میں 4.04 روپے فی یونٹ کمی کردی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے اعلان کردہ خصوصی ریلیف پیکج کے تحت صنعتوں کے لیے بجلی کے ٹیرف میں 4.04 روپے فی یونٹ کمی کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اپنے بیان میں وفاقی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

پاکستان کی چاول برآمدات 49.56 فیصد کی بڑی کمی کے ساتھ صرف 405 ملین ڈالر رہ گئیں

مجموعی طور پر خوراک کی برآمدات میں 22.06 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، جو 2.910 بلین ڈالر سے 22.68 بلین ڈالر رہ گئیں

گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ برآمدات 804.86 ملین ڈالر تھیں، پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی چاول برآمدات مالی سال 2025-26 کی پہلی ششماہی میں 49.56 فیصد کی بڑی کمی کے ساتھ صرف 405 ملین ڈالر رہ گئیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ برآمدات 804.86 ملین ڈالر تھیں۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے مطابق زیر جائزہ مدت میں باسمتی چاول کی برآمدات 170.249 ملین ڈالر رہیں، جو گزشتہ سال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

سپر ٹیکس سے ایف بی آر کو 300 ارب کے ریونیو کی توقع

وفاقی آئینی عدالت نے سماعت کے بعد ایک تاریخی فیصلہ دیتے ہوئے اپنا مختصر حکم نامہ جاری کردیا، جس میں سپر ٹیکس کو برقرار رکھا گیا ہے

ٹیکس سال 2022 کے لیے دفعہ 4 سی کے تحت سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد ہوگی جو آرڈیننس کے ڈویژن IIB کے پہلے شرائط نامے میں درج 15 شعبہ جات پر لاگو ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو سپر ٹیکس کے حوالے سے وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے کے نتیجے میں 300 ارب روپے کا ریونیو حاصل ہونے کی توقع ہے۔ ایف بی آر کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعات 4 بی اور 4 سی (سپر ٹیکس) سے متعلق مقدمات کی سماعت کے بعد ایک تاریخی فیصلہ دیتے ہوئے اپنا مختصر حکم نامہ جاری کر دیا، جس میں سپر ٹیکس کو برقرار رکھا گیا ہے اور اس فیصلے کے نتیجے میں قومی خزانے کو تقریباً 300 ارب روپے کی آمدن متوقع ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایف بی آر کی طرف سے ٹیکس کے معاملات کی معروف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

درآمدی گندم کی رعایتی نرخوں پر فروخت سے اربوں کے نقصان کا اندیشہ

ای سی سی نے مقامی گندم کیلئے 4,400 روپے اور درآمدی گندم کیلئے 4,070 روپے کی ریزرو قیمت کی منظوری دی

ان قیمتوں کی بنیاد پر 5 لاکھ ٹن گندم کو ٹھکانے لگانے پر 20.5 ارب روپے سے لے کر 22 ارب روپے تک کا مالی خسارہ ہوسکتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے پاسکو کو 5 لاکھ ٹن گندم نیلام کرنے اور پنجاب کو 3 لاکھ ٹن گندم فراہم کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ کمیٹی کا اجلاس وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی صدارت میں ہوا۔ 2022 میں 294,994 میٹرک ٹن گندم درآمد کی گئی تھی جو پاسکو کے گوداموں میں پڑی ہے جبکہ پاسکو کا ادارہ ختم کیا جارہا ہے۔ ای سی سی نے پاسکو گندم کے 5 لاکھ ٹن اسٹاک کو مسابقتی بولی کے ذریعے نیلام کرنے کی منظوری دی، جس کا مقصد فاضل ذخیرے کو ٹھکانے لگانا، ذخیرہ کرنے کے اخراجات کم کرنا اور مقامی گندم مارکیٹ میں قیمتوں کے استحکام، فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنانا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

حکومت برآمدات پر مبنی صنعتوں کو درپیش مشکلات کا جائزہ لے رہی ہے

کاروباری اخراجات کو متاثر کرنے والے مختلف عوامل کی نشاندہی کر رہے ہیں، وزیر خزانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت برآمدات پر مبنی صنعتوں کے لیے کاروباری اخراجات کو متاثر کرنے والے مختلف عوامل کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے یہ بات آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اے پی ٹی ایم اے) (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

پاکستان نے یورپی یونین کے ساتھ اقتصادی روابط کی کوششیں تیز کردی ہیں

یورپی یونین ایک بڑی منڈی کے طور پر سامنے آئی ہے جہاں پاکستان کی مجموعی عالمی برآمدات کا تقریباً 24 سے 29 فیصد حصہ جاتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی معاہدے کے حتمی مراحل میں داخل ہونے کے بعد یورپی منڈیوں میں بھارتی مصنوعات کے مقابلے میں اپنا مارکیٹ شیئر کھونے کے خدشے کے پیش نظر پاکستان نے یورپی یونین کے ساتھ اقتصادی روابط (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

موثر کسٹمز انفورسمنٹ کے باعث قانونی درآمدات میں اضافہ ہوگیا

ڈیجیٹل انفورسمنٹ سسٹم سمیت دیگر اصلاحات کے ذریعے اسمگلنگ کی روک تھام کررہے ہیں، ممبر کسٹم آپریشنز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ممبر کسٹمز آپریشنز ایف بی آر سید شکیل شاہ نے کہا ہے کہ موثر کسٹمز انفورسمنٹ کی بدولت پیٹرولیم مصنوعات، کپڑے اور ٹائروں کی قانونی درآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ کسٹمز ہاؤس کراچی میں ورلڈ کسٹمز ڈے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

کراچی کا بزنس مین اغوا، ڈی آئی جی پیر محمد شاہ فارغ

اداروں نے معاملے کی انکوائری کی تو ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ کا نام آیا جنہیں فوری طور پر عہدے سے ہٹادیا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق 14 جنوری 2026 کی شام سات بجے حیدرآباد کی پولیس کراچی کے پوش علاقے ڈیفنس امیر خسرو روڈ فیز 6 پہنچی، متین سنز کے مالک دانش متین کو اغوا کیا اور حیدرآباد کی جانب روانہ ہوگئی، بزنس مین طاقتور تھا، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

صدر آصف علی زرداری کو UAE کا دورہ مکمل کرنے پر دبئی ایئرپورٹ پر رخصت کیا جارہا ہے

سانحہ گل پلازہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات جاری ہیں، سعید غنی

جاں بحق ہونیوالے میٹروویل کے رہائشی تاجروں نعمت اللہ اور عبداللہ جان کے گھر جاکر انکے اہل خانہ سے تعزیت، مرحومین کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی کی

سندھ حکومت ایک ایک متاثرہ شخص کے غم میں برابر کے شریک ہے اور سانحہ میں جاں بحق تمام افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کرتے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ سانحہ گل پلازہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات جاری ہے، سندھ حکومت اس سانحہ کی مکمل تحقیقات کر کے ان کے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دلوائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سانحہ گل پلازہ میں جاں بحق ہونے والی قیصر علی کی زوجہ اور رافع علی کی زوجہ کی نماز جنازہ میں شرکت کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

14 برس بعد ڈھاکہ سے کراچی آنیوالی پرواز کو کراچی ایئرپورٹ اترنے پر واٹر سیلوٹ پیش کیا جارہا ہے

ملکی معیشت کو ایک ٹریلین ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر

ہر سال بجٹ کے موقع پر سالانہ ترقیاتی منصوبہ تیار کیا جاتا ہے تاکہ قومی معاشی اہداف مقرر کیے جاسکیں

اس عمل کو مزید نتیجہ خیز بنانے کے لیے سالانہ منصوبے کا سہ ماہی بنیادوں پر جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت کے طویل المدتی وژن کے تحت اڑان پاکستان اقدام کے ذریعے پاکستان کو 2035 تک ایک ٹریلین ڈالر معیشت میں تبدیل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وہ سالانہ منصوبہ 2025-26 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

حکومت نے 10 سالہ قومی سیاحتی حکمت عملی وضع کرلی

روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور زرمبادلہ ذخائر میں اضافے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے 10 سالہ قومی سیاحتی حکمت عملی وضع کرلی جس میں مجموعی قومی پیداوار میں سیاحت کے حصے کو 10 فیصد تک بڑھانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور زرمبادلہ ذخائر میں اضافے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

وزیراعظم شہباز شریف کا معیشت میں سرکردہ تاجروں اور برآمد کنندگان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کی تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

نجکاری کمیشن نے اپنے سالانہ بجٹ میں اضافے کا مطالبہ کردیا

پرائیویٹائزیشن کمیشن نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری کو اپنے سالانہ بجٹ میں اضافے کی تجویز سے آگاہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی کامیاب نجکاری کے بعد نجکاری کمیشن (پی سی) نے اپنے سالانہ بجٹ میں اضافے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پرائیویٹائزیشن کمیشن نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری کو اپنے سالانہ بجٹ میں اضافے کی تجویز سے آگاہ کیا، جس کا مقصد مسابقتی تنخواہوں پر مارکیٹ بیسڈ ماہرین کی بھرتی کو ممکن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان 14 سال بعد براہ راست فضائی رابطے بحال

ایئرپورٹ پر کیک کاٹنے کی تقریب منعقد ہوئی جس میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری بھی موجود تھے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان 14 سال کے طویل عرصے کے بعد براہ راست فضائی رابطے بحال ہوگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق بنگلادیش کی بیمان ایئر کی پہلی پرواز مسافروں کو ڈھاکا سے لے کر کراچی پہنچی، جہاں رن وے پر طیارے کا روایتی اور تاریخی استقبال کیا گیا جبکہ ایئرپورٹ پر کیک کاٹنے کی تقریب بھی منعقد ہوئی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

پاکستان اور سعودی عرب توانائی و معدنیات کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر متفق

سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے حال ہی میں ریاض میں منعقدہ فیوچر منرلز فورم میں پاکستان کی فعال شرکت کو سراہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور سعودی عرب نے توانائی و معدنیات کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے پر اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے، یہ پیش رفت وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اور پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی کے درمیان ہونے والی ملاقات کے دوران سامنے آئی۔ ملاقات میں تعاون کے مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

ایف بی آر کی جنوری میں وصولیاں 1 ہزار 15 ارب تک پہنچ گئیں

ماہانہ بنیاد پر 16 فیصد مضبوط اضافہ ظاہر کرتی ہیں، یہ کارکردگی گزشتہ چھ ماہ کی اوسط 10 سے 11 فیصد شرح نمو سے نمایاں طور پر بہتر رہی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ٹیکس وصولیاں جنوری 2026 میں بڑھ کر 1,015 ارب روپے تک پہنچ گئیں جو ماہانہ بنیاد پر 16 فیصد مضبوط اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ یہ کارکردگی گزشتہ چھ ماہ کی اوسط 10 سے 11 فیصد شرح نمو سے نمایاں طور پر بہتر رہی، جس سے مالی سال 2026 کے بقیہ مہینوں کے لیے ایک حوصلہ افزا سمت کی عکاسی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

بحریہ ٹاور میں جائیداد کی خرید و فروخت پر پابندی

ایف بی آر نے بحریہ ٹاؤن ٹاور کراچی کی پراپرٹی ضبط کرتے ہوئے اس حوالے سے باضابطہ پبلک نوٹس جاری کردیا ہے

ٹاور میں موجود 145 رہائشی یونٹس، 42 دفاتر اور 103 کمرشل دکانوں کو قانونی طور پر سرکاری تحویل میں لے لیا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) 26 ارب روپے ٹیکس ریکوری کیس میں ایف بی آر نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے، بحریہ ٹاؤن ٹاور کراچی ضبط کرکے پبلک نوٹس جاری کردیا کہ اس ٹاور کے 145 فلیٹس، 42 دفاتر اور 103 دکانوں کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

اسٹیٹ بینک کی ہدایت پر کمرشل بینک ٹیکس وصولیوں کیلئے ہفتے کو بھی کھلے رہے

جنوری کے آخری ورکنگ ڈے تک مجموعی ٹیکس وصولیاں 7.15 کھرب روپے رہیں، جو مقررہ ہدف سے 374 ارب روپے کم ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکس وصولیوں میں اضافے کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کمرشل بینکوں کو ہفتہ کے روز بھی کھلا رکھنے کی ہدایت جاری کردی۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق جنوری کے آخری ورکنگ ڈے تک مجموعی ٹیکس وصولیاں 7.15 کھرب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے بل اینڈ میلنڈا گیٹس کا وفد ملاقات کررہا ہے

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 26 (شمارہ نمبر 05) 02 تا 08 فروری 2026ء فون- 0313-1176161 Email:Tijaratnewshd@gmail.com

تعلیم کے نام پر تجارت؛ نجی اسکولوں کے اساتذہ، سستے ترین مزدور

تعلیم کو دنیا کے ہر معاشرے میں ہمیشہ سے ایک مقدس فریضہ سمجھا جاتا رہا ہے، جہاں استاد کو روحانی باپ، کردار ساز اور قوم کا معمار جیسے القابات سے نوازا گیا۔ پاکستان میں جہاں سرکاری تعلیمی نظام کی بدحالی سے ہر کوئی واقف ہے، وہیں نجی تعلیمی اداروں کی صورت حال بھی بہت زیادہ قابل تعریف نہیں ہے۔ آج ہم نجی تعلیمی اداروں کے دیدہ زیب اشتہارات، شان دار چمکتی عمارتیں، جدید یونیفارمز اور ایئر کنڈیشنڈ کلاس رومز دیکھتے ہیں تو اس چکا چوند کے پیچھے ایک ایسا سیاہ اور بے رحم نظام چھپا نظر آتا ہے جس میں سب سے زیادہ پسنے والا کردار استاد کا ہے۔ نجی اسکولوں کے اساتذہ کی شکل میں دستیاب یہ سستے ترین مزدور، جو کسی بھی سخت موسم یا حالات کی پروا نہ کرتے ہوئے ہر صبح اپنے چہروں پر مسکراہٹ سجا کر بچوں میں علم کا نور بانٹتے ہیں، شام کو اپنی تذلیل، محرومیوں اور معاشی بدحالی کا بوجھ اٹھا کر گھروں کو لوٹتے ہیں۔ پاکستان میں نجی تعلیمی اداروں کا تیز رفتار پھیلاؤ اس شعبے میں ریاست کی ناکامی کا براہِ راست نتیجہ ہے۔ سرکاری اسکولوں کی زبوں حالی نے والدین کو نجی اسکولوں کی طرف دھکیلا اور یوں تعلیم ایک پراڈکٹ بن گئی، اسکول ایک فیکٹری، والدین کسٹمر، طلبہ مال اور استاد ایک کم اجرت پر رکھا گیا مزدور۔ کراچی کے ایک معروف اسکول میں پڑھانے والی خاتون ٹیچر نے بتایا کہ ''ہمیں انٹرویو میں بتایا گیا تھا کہ ہم بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے ملازمت پر رکھے جا رہے ہیں، لیکن نوکری ملنے کے بعد احساس دلایا گیا کہ ہم دراصل 'فیس وصولی کے نظام' کا ایک حصہ ہیں، جہاں استاد کی عزت اور پیشہ ورانہ قابلیت نہیں بلکہ 'کارکردگی' دیکھی جاتی ہے''۔ نجی اسکولوں پر سروے کرنے، اساتذہ، والدین اور طلبا سے گفتگو کے بعد نتیجہ یہ نکلتا ہے ان ''کمپنیوں'' کا اندرونی ڈھانچہ کسی جمہوری ادارے کے بجائے ایک آمرانہ جاگیرداری نظام کی تصویر پیش کرتا ہے، جہاں قانون صرف مالکان کی مرضی کا دوسرا نام ہے۔ ملک کے بہت سے نجی اسکول بظاہر جدید ہیں، مگر اندر سے ایک آمرانہ طرزِ انتظام رکھتے ہیں۔ یہاں آئین نہیں، مالک کی مرضی قانون ہوتی ہے۔ بہت سے اساتذہ کو ملازمت کے وقت باقاعدہ تقرر نامہ یا معاہدہ نہیں دیا جاتا اور اگر دیا بھی جائے تو اکثر یکطرفہ شرائط پر مشتمل ہوتا ہے۔ نجی اسکولوں کے عام قوانین میں چند منٹ لیٹ ہونے پر تنخواہ کٹ جانا، بیماری میں میڈیکل سرٹیفکیٹ کے باوجود چھٹی نہ ملنا، شوکاز نوٹس کا بے جا استعمال، تنخواہ روکنے کی دھمکی اور آپ کے پاس متبادل بہت ہیں والی نفسیاتی جنگ شامل ہے۔ نجی اسکولوں میں اساتذہ کے ساتھ سب سے بڑا ظلم ان کا معاشی استحصال ہے۔ ہزاروں روپے فی طالب علم فیسیں لینے والے اسکول اپنے اساتذہ کو ایسی تنخواہیں دیتے ہیں جو اکثر کم از کم مقرر کی گئی اجرت سے بھی کم ہوتی ہیں۔ ایک اسکول میں ساتویں جماعت کے طلبا کو پڑھانے والے سر عارف محمود نے بتایا کہ میرا دن صبح 7 بجے شروع ہوتا ہے اور شام 5 بجے ختم۔ تنخواہ 22 ہزار روپے ہے، وہ بھی کبھی وقت پر نہیں ملتی، جس کے نتیجے میں، میں مستقل قرض کے بوجھ تلے دبا جا رہا ہوں۔ اس طرح کے جبری اقدامات بے بس اور مجبور اساتذہ کی سفید پوشی کو روندنے کے مترادف ہیں۔ نجی اسکولوں میں استاد کو ایک ملٹی ٹاسکنگ مشین سمجھا جاتا ہے، جہاں تدریسی بوجھ اٹھائے یہ مزدور روزانہ 6 تا 8 پیریڈز کھڑے ہو کر اور بغیر کسی وقفے کے انجام دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان پر انتظامی بوجھ بھی لادا جاتا ہے، جس میں رجسٹرز بھرنا، فائلوں کا حساب، ڈائریوں کی جانچ، ایونٹس کی منصوبہ بندی، ڈیکوریشن کے کام اور رپورٹس کی تیاریاں شامل ہیں۔ رکیں رکیں، استاد کا فرض ابھی ختم نہیں ہوا، ابھی تو واٹس ایپ گروپس کو دیکھنے کے لیے الرٹ رہنا، بروقت جواب دینا، رات گئے آنے والے میسجز پر ردعمل دینا، والدین کے بے جا اور بے وقت سوالات کا فوری جواب دینا اور بے وقت کی آن لائن میٹنگز جیسی ڈیجیٹل غلامی بھی اساتذہ کی ذمے داریوں میں شامل ہے۔ اسلام آباد کی ایک ٹیچر نے گفتگو میں بتایا کہ ''میں اسکول سے نکلتی ہوں، مگر اسکول مجھ سے نہیں نکلتا۔ واٹس ایپ نے ہماری نجی زندگی ختم کر دی ہے''۔

ماسکو میں شدید برفباری، 200 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس کے دارالحکومت ماسکو میں رواں ماہ ہونے والی برف باری سے گزشتہ

200 سال سے زائد کا ریکارڈ ٹوٹ گیا۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق تقریباً ایک کروڑ 30 لاکھ آبادی والے شہر میں شدید برف باری کے باعث مرکزی علاقوں میں سڑکوں پر برف کے بڑے بڑے ڈھیر لگ گئے جس کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ماسکو کے اطراف میں چلنے والی مسافر ٹرینیں بھی تاخیر کا شکار ہوئیں جبکہ گاڑیاں طویل ٹریفک جام میں پھنس گئیں۔ ماسکو اسٹیٹ یونیورسٹی کے مطابق 'جنوری ماسکو میں سرد اور غیر معمولی طور پر زیادہ برفباری والا مہینہ رہا'۔ یونیورسٹی کے مطابق، '29 جنوری تک ماسکو اسٹیٹ یونیورسٹی کی موسمیاتی آبزرویٹری میں تقریباً 92 ملی میٹر بارش اور برفباری ریکارڈ کی جا چکی ہے، جو گزشتہ 203 برسوں میں سب سے زیادہ ہے'۔ اس سے قبل رواں ماہ روس کے مشرقی علاقے کامچاٹکا میں شدید برفانی طوفان کے باعث ایمرجنسی نافذ کی گئی تھی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تصاویر میں عمارتوں کی دوسری منزل تک برف کے ڈھیر دکھائی دیے جبکہ سڑکوں پر کھڑی گاڑیاں مکمل طور پر برف میں دب گئی تھیں۔

ٹرمپ کی امیگریشن پالیسی کیخلاف احتجاج جرم بنا دیا گیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی میڈیا کی معروف شخصیت اور سی این این کے اینکر ڈان لیمن کو

لاس اینجلس سے حراست میں لے لیا گیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ان کی گرفتاری 18 جنوری کو مینیسوٹا کے شہر سینٹ پال میں چرچ کے باہر کیے گئے احتجاج کے خلاف عمل میں لائی گئی۔ اینکر کے وکیل ایبے لوویل نے میڈیا کو بتایا کہ ڈان لیمن کو اُس وقت لاس اینجلس میں گرفتار کیا گیا جب وہ گریمی ایوارڈز کی کوریج کے سلسلے میں وہاں موجود تھے۔ وکیل کا مزید کہنا تھا کہ فی الحال یہ واضح نہیں کہ ان پر باضابطہ طور پر کن دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ امریکی محکمہ انصاف نے چند روز قبل کہا تھا کہ 18 جنوری کو ہونے والے ایک احتجاج میں شرکت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جا سکتی ہے۔ امریکی محکمہ انصاف کا کہنا تھا کہ اس احتجاج کے دوران مظاہرین نے چرچ میں ہونے والی عبادت میں خلل ڈالا تھا اور توڑ پھوڑ کی کوشش بھی کی۔ دوسری جانب اینکر کے وکیل نے کہا کہ ڈان لیمن گزشتہ تین دہائیوں سے صحافت سے وابستہ ہیں اور انھوں نے مینیسوٹا میں جو کچھ کیا وہ ایک شہری کے آئینی حق کے دائرے میں آتا ہے۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ٹرمپ کی متنازع امیگریشن پر عمل درآمد کے دوران چھاپا مار کارروائیوں کے دوران اب تک 3 نہتے شہری اہلکاروں کے ہاتھوں مارے جا چکے ہیں جس پر ملک گیر احتجاج جاری ہے۔

چین: بلاگر نے سِم کارڈز سے بھاری مالیت کا سونا اکٹھا کر لیا

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین سے تعلق رکھنے والے ایک بلاگر نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے

سم کارڈ چپس اور دیگر برقی آلات سے 191.73 گرام سونا حاصل کر لیا۔ صوبہ گوانگ ڈونگ سے تعلق رکھنے والے بلاگر نے بتایا کہ اس نے اسٹرانگ ایسڈ ڈِسولوشن اور الیکٹرولائٹک ری ڈکشن جیسے متعدد پیچیدہ طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے یہ سونا جمع کیا۔ بلاگر نے اس طریقے کی ویڈیو بھی شیئر کی جس کا نام 'سم الکیمی' پروسیس رکھا۔ جس کو دیکھ کر ناظرین بھی سونا حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وائرل ویڈیو پر ایک صارف نے کمنٹ کیا کہ دس سال تک کام کرنا اتنا اچھا نہیں جتنا کباڑ اکٹھا کرنا ہے۔ صارف نے بلاگر سے یہ طریقہ سیکھنے کے لیے خود کو شاگردی میں لینے کی بھی درخواست کی۔ ایک اور صارف نے لکھا کہ سم چپس کو سونا بنانے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے، یہ انہوں نے کبھی نہیں سنا تھا۔ دوسری جانب ماہرین کا کہنا تھا کہ سم کارڈز میں صرف 0.47 ملی گرام سونا استعمال کیا جاتا ہے اور اس حساب سے 191 گرام سونا نکالنے کے لیے تقریباً چار لاکھ سم کارڈز کی ضرورت ہوگی۔ اس حوالے سے صفائی دیتے ہوئے بلاگر کا کہنا تھا کہ انہوں نے صرف سم کارڈز نہیں بلکہ دیگر مواصلاتی برقی آلات میں موجود سونا چڑھی چپس بھی استعمال کیں۔

انگلینڈ؛ پولیس کو چکمہ دے کر پرفیوم چوری کرنے والی خاتون کو منفرد سزا

مانچسٹر (مانیٹرنگ ڈیسک) انگلینڈ اور ویلز میں پولیس کو چکمہ دے کر ہزاروں پاؤنڈ مالیت

کا پرفیوم چوری کرنے والی خاتون کو عدالت نے سزا سناتے ہوئے جان لیوس کے تمام اسٹورز میں داخلے پر پابندی عائد کر دی۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق دکانوں سے پرفیوم چوری کی عادی خاتون ایک سال سے پولیس کو چکمہ دے رہی ہیں تاہم ان پر جان لیوس کے اسٹورز پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 27 سالہ اگیتا سیکا کو پہلی مرتبہ اگست 2024 میں اس وقت گرفتار کیا گیا تھا، جب اسٹاف نے انہیں مانچسٹر کے چیڈل میں پرفیوم چین کے اسٹور سے ڈیزائنر پرفیوم لے کر خاموشی سے جانے کی کوشش کے دوران اسٹاف نے دیکھ لیا تھا۔ خاتون کے حوالے سے بتایا گیا کہ اس واقعے پر انہیں دو ماہ بعد اسٹاک پورٹ مجسٹریٹ کورٹ میں پیش ہونا تھا لیکن وہ فرار ہو گئیں۔ اگیتا سیکا نے نیوکاسل مجسٹریٹ کی عدالت میں 4 جرائم کا اعتراف کیا تھا اور اس میں تین ماہ کے دوران دو ہزار 400 پاؤنڈ سے زیادہ مالیت کی اشیا چوری کا الزام شامل تھا۔ عدالت نے ان کو مجرمانہ رویے پر سزا سنائی تھی جو ایک سال کے لیے اسٹورز میں داخلے پر پابندی ہے۔ مانچسٹر پولیس نے بتایا کہ اگیتا سیکا کا جرم موقع کی مناسبت پر پورا نہیں اترتا بلکہ یہ جان بوجھ، منظم اور مسلسل کیا گیا جرائم ہے۔ پولیس نے بتایا کہ دکان سے چوری کسی کو نقصان پہنچائے بغیر ہونے والا جرم ہرگز نہیں ہے۔ مانچسٹر پولیس نے مزید بتایا کہ اس جرم سے دکان دار کو بڑا مالی نقصان پہنچتا ہے، دکان کا عملہ متاثر ہوتا ہے اور یہ جرم دیانت دار خریداروں کے لیے قیمتوں میں اضافے کا باعث بن جاتا ہے۔

چین: لاکھوں ڈالر ری فنڈ کی جعلی درخواستیں، نوجوان کو چھ سال قید

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں ایک نوجوان کو ری فنڈ نظام میں نقص کی بدولت اشیاء واپس کرائے بغیر اپنے پیسے لینے کے جرم میں چھ برس کی قید سنا دی گئی۔ گزشتہ برس شنگھائی سے تعلق رکھنے والے 17 سالہ نوجوان کو ایک کاروباری پلیٹ فارم میں نقص کی نشان دہی کے بعد میک اپ اشیاء واپس کرنے کے بہانے چھ لاکھ ڈالر سے زیادہ رقم ری فنڈ کرنے کے جرم میں یہ سزا سنائی گئی۔ نوجوان (جس کا نام ظاہر نہیں کیا گیا) پر یہ انکشاف ہوا کہ پلیٹ فارم پر پروڈکٹ واپسی کی درخواست میں وہ جعلی کوریئر نمبر درج کر کے پروڈکٹ واپس کیے بغیر ری فنڈ حاصل کر سکتے ہیں۔

امریکا نے وینزویلا کی تیل صنعت پر پابندیاں نرم کر دیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی محکمہ خزانہ کا کہنا ہے کہ وینزویلا کی تیل صنعت کے لیے جنرل لائسنس جاری کیا، نئے لائسنس سے حکومت کو معمول کی تیل ٹرانزیکشنز کی اجازت مل گئی، تیل کی برآمد، فروخت، ترسیل اور ریفائننگ امریکی اداروں کیلئے ممکن ہو سکے گی۔ محکمہ خزانہ کا مزید کہنا تھا کہ فیصلہ وینزویلا میں سرمایہ کاری بڑھانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ علاوہ ازیں چین نے کہا ہے کہ امریکا تیل کی فراہمی میں خصوصی رعایت کیلئے دباؤ ڈال کر وینزویلا کی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ چین اس کی مذمت کرتا ہے، یہ بات امریکا میں چین کے سفارت خانے کے ترجمان لیو پینگ یو نے کہی ہے۔

میکسیکو: 1400 برس قدیم پُراسرار مقبرے سے موت کا مجسمہ دریافت

میکسیکو (مانیٹرنگ ڈیسک) میکسیکو میں 1400 برس سے گمشدہ پُراسرار مقبرہ دریافت ہوا جس میں موجود ایک مجسمہ موت کی عکاسی کر رہا ہے۔ ماہرینِ آثارِ قدیمہ اس مقام پر غیر متوقع طور پر اس وقت پہنچے جب وہ میکسیکو کے ایک قصبے سان پیبلو ہوئٹزو میں لوٹ مار کی ایک بے نام رپورٹ سے متعلق تحقیق کر رہے تھے۔ حکام نے اس دریافت کو ملک کی وزارتِ ثقافت کی جانب سے گزشتہ دہائی میں کی جانے والی سب سے اہم آثارِ قدیمہ کی دریافت قرار دیا گیا ہے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ یہ مقبرہ 600 عیسوی سے تعلق رکھتا ہے، یہ دور قدیم زیپوٹیکس (جن کو کلاوڈ پیپلز کے نام سے بھی جانا جاتا ہے) سے کی ابتداء سے تھوڑا عرصہ پہلے کا ہے۔

امریکا: ٹک ٹاک پر سینسر شپ کے باعث متبادل ایپس مقبول ہونے لگیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے وفادار سرمایہ کاروں کی جانب سے ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم ٹک ٹاک کے اکثریتی حصص خریدنے کے بعد پلیٹ فارم کی متبادل ایپس کی مقبولیت میں اضافہ ہونے لگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جب ٹک ٹاک پر ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ سے متعلق مواد سینسر کرنے کا الزام عائد ہونا شروع ہوا اس دوران اسکائی لائٹ اور اپ اسکرولڈ نامی ایپس ریکارڈ ڈاؤن لوڈ کی گئی ہیں۔ گزشتہ ہفتے ٹک ٹاک کے امریکی آپریشن کی ملکیت چینی مالک کمپنی بائٹ ڈانس سے امریکی سرمایہ داروں کے ایک گروہ کو منتقل کی گئی تھی جس کی سربراہی صدر ٹرمپ کے ساتھی لیری ایلیسن کرتے ہیں۔ نئی انتظامیہ (جن پر سینسر شپ کے الزامات عائد کیے جا رہے ہیں) کے اقدامات کے باعث ٹک ٹاک (جس کے امریکا میں 17 کروڑ کے قریب صارفین ہیں) کے بائیکاٹ کے مطالبات سامنے آئے ہیں۔

امریکی کوہ پیما نے 101 منزلہ عمارت بغیر حفاظتی آلات سر کر لی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی کوہ پیما الیکس ہونولڈ نے بغیر کسی رسی، ہارنس یا حفاظتی آلات کے تائیوان کی ایک فلک بوس عمارت کامیابی سے سر کر لی ہے۔ تاپے 101 نامی اس عمارت کا نام اس کی 101 منزلوں کی وجہ سے رکھا گیا ہے۔ اس کی اونچائی 508 میٹر (1667 فٹ) ہے اور یہ اسٹیل، شیشے اور کنکریٹ سے تعمیر کی گئی ہے۔ اس کا ڈیزائن بانس کی لکڑی سے مشابہ ہے۔ الیکس ہونولڈ بغیر رسی یا حفاظتی سامان کے ایل کیپٹن کو سر کرنے والے پہلے شخص تھے۔ یہ 915 میٹر (3000 فٹ) بلند گرینائٹ چٹان امریکا کی ریاست کیلیفورنیا کے یوسمائٹ نیشنل پارک میں واقع ہے۔

دبئی: بھارتی شہری نے قرعہ اندازی میں لاکھوں ڈالر جیت لیے

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) دبئی میں کافی عرصہ سے مقیم بھارتی شہری نے دبئی ڈیوٹی فری کی ملینیئم

ملین ایئر سیریز 533 کی پروموشن میں 10 لاکھ ڈالر جیت لیے۔ 46 سالہ امیت نے 14 جنوری کو آن لائن ٹکٹ خریدا جو ان کے لیے خوش قسمت ثابت ہوا۔ دبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ ہونے والی قرعہ اندازی میں انعام جیتنے کے بعد امیت نے دبئی ڈیوٹی فری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ 2026 کا بہترین تحفہ ہے۔ امیت 270 ویں بھارتی شہری ہیں جنہوں نے 10 لاکھ ڈالر کا انعام جیتا ہے۔ امیت دبئی میں رئیل اسٹیٹ بروکریج کا کام کرتے ہیں۔

2 سالہ بچے نے اسنوکر کے مشکل شاٹس کھیل کر ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ میں 2 سالہ جوڈی اوینز نے اسنوکر کے مشکل شاٹس کھیل

کر سب کو حیران کر دیا اور گنیز ورلڈ ریکارڈز میں اپنا نام درج کروا لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق اسنوکر کو عموماً بالغ افراد کے لیے بھی ایک مشکل اور تکنیکی کھیل سمجھا جاتا ہے لیکن جوڈی نے کم عمری میں ہی ایسے شاٹس کھیل کر دو الگ الگ گنیز ورلڈ ریکارڈز اپنے نام کر لیے۔ گنیز ورلڈ ریکارڈز کے مطابق 12 اکتوبر 2025 کو جب جوڈی اوینز کی عمر محض 2 سال اور 302 دن تھی، اس نے کامیابی کے ساتھ پول بینک شاٹ مکمل کیا۔ اس سے قبل 2 سال اور 261 دن کی عمر میں جوڈی نے اسنوکر کا مشکل ڈبل پوٹ شاٹ کھیل کر سب کو حیران کر دیا تھا۔

کینیا: 72 گھنٹے تک درخت کو گلے لگانے کا ریکارڈ

کینیا (مانیٹرنگ ڈیسک) کینیا کے ایک ماحولیاتی تحفظ کی کارکن نے 72 گھنٹوں تک لگاتار

درخت کو گلے لگانے کا گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ 22 سالہ ٹروفینا موتھونی نے درخت کو گلے لگا کر طویل میراتھون کا ریکارڈ اپنے نام کیا۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ گھانا کے فریڈرک باؤکیے نے 50 گھنٹے 2 منٹ اور 28 سیکنڈ کے ساتھ قائم کیا تھا۔ اس سے قبل ٹروفینا نے فروری 2025 میں 48 گھنٹوں تک درخت کو گلے لگا کر ریکارڈ بنایا تھا گینیز ورلڈ ریکارڈ سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پہلی کوشش انسانیت کو زمین دوبارہ متعارف کرانے کا ایک سادہ طریقہ تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دوسری کوشش ایک عہد تھی۔ انہوں نے یہ بات محسوس کی کہ دنیا کو علامتی کوششوں سے زیادہ کی ضرورت ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	280.50 PKR	282.20 PKR
Euro	EUR	333.83 PKR	338.26 PKR
British Pound	GBP	385.04 PKR	389.51 PKR
UAE Dirham	AED	76.55 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.85 PKR	75.35 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	907.55 PKR	917.00 PKR
Canadian Dollar	CAD	206.05 PKR	209.61 PKR
Australian Dollar	AUD	194.89 PKR	198.71 PKR
Omani Riyal	OMR	728.25 PKR	737.77 PKR
Japanese Yen	JPY	1.81 PKR	1.91 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.50 PKR	69.25 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.07 PKR	79.06 PKR
Bahrain Dinar	BHD	743.50 PKR	753.05 PKR
Thai Bhat	THB	8.50 PKR	8.85 PKR
Chinese Yuan	CNY	38.15 PKR	40.25 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.47 PKR	36.35 PKR
Danish Krone	DKK	43.32 PKR	43.72 PKR
New Zealand Dollar	NZD	168.13 PKR	171.08 PKR
Singapore Dollar	SGD	220.59 PKR	225.58 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.61 PKR	27.91 PKR
Swedish Krona	SEK	30.10 PKR	30.40 PKR
Swiss Franc	CHF	362.64 PKR	367.78 PKR
Indian Rupee	INR	2.82 PKR	3.33 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 525,000	Rs. 450,110
22k	Rs. 481,244	Rs. 412,598
21k	Rs. 459,373	Rs. 393,847
20k	Rs. 437,611	Rs. 375,189
18k	Rs. 393,748	Rs. 337,583
14k	Rs. 306,259	Rs. 262,574
12k	Rs. 306,259	Rs. 225,055

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Karachi	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Lahore	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Islamabad	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Rawalpindi	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Peshawar	Rs. 8,437	Rs. 9,831
Quetta	Rs. 8,437	Rs. 9,831

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 253.17 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 257.08 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	TC 61.98 ^ 1.55 PIBTL 20.63 ^ 0.33 LOTCHEM 30.51 v -0.4 CNERGY 7.6 v -0.04 FFL 20
KSE ALL SHARE	WTL 1.64 v -0.03 BOP 38.88 v -0.65 PTC 61.98 ^ 1.55 NCPL 83.06 ^ 6.61 LSEVL 10.3
KSE 30	Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found.
KMI30	Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found.
ALL SHARE ISLAMIC	OTCHEM 30.51 v -0.4 TELE 11.46 ^ 0.12 CNERGY 7.6 v -0.04 FFL 20.92 v -0.16 FCCL
BATI	MEBL 488.67 ^ 11.51 BAFL 127.34 ^ 1.61 HBL 343.9 ^ 7.01 UBL 486.92 ^ 7.92 BAHL
OGTI	2 MARI 710.07 ^ 17.92 PPL 277.34 ^ 5.19 OGDC 323.93 ^ 2.12 MARI 710.07 ^ 17.92

بقیہ 1 تجارت نیوز

پاکستان خوراک پیدا کرنے والا امیر ملک ہے، زراعت ہماری ضرورت پوری کرلیتا ہے تاہم ایندھن اورکھانے کا تیل منگوانا پڑتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان معدنیات کا پاور ہاؤس ہے، مئی کے بعد پاکستان کی دنیا میں نئی شناخت سامنے آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرضوں کی وجہ سے دنیا کے اندر تمام برے حالات ہیں اور دنیا ڈالر سے دوسری کرنسیوں پر منتقل ہورہی ہے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ حکومت کا ظرف ہے کہ آئی ایم ایف سے مذکرات کی مشکل بتاتی نہیں ہے، مگر اگلے دوسال بہت اہم ہیں جس میں ہمارے لئے مواقع بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ا?ئی ایم ایف سے نکلنے کا قومی ایجنڈا ہونا چاہیے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ ہم تاجروں کو وسائل فراہم کرکے کراچی کا نیا چہرہ سامنے لائیں گے اور اُن کی مشاورت سے ہی کام کریں گے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ تھوڑی سی توجہ اور اقدامات کرلیے جائیں تو کراچی سے پاکستان کے سارے قرض اتار سکتے ہیں، وسط اپریل اور مئی تک آ چکے ریزرو 40 سے 48 ارب ڈالر ہو نگے۔ انہوں نے تاجروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بہت سے نئے آئیڈیاز پر کام کر رہے ہیں، لوگوں کو نوکریوں سینہ نکالیں، بہت کچھ ہونے والا ہے اور جب معیشت کا پہیہ چلے گا تو سارے مسائل حل ہوجائیں گے۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

بھارت میں ٹیکس وصولی کی شرح ہم سے زیادہ ہے۔ صوبوں کو پیسہ ملنا ان کا حق ہے، بہت سے ٹیکسز مختلف لیول پر لینا ممکن نہیں ہے۔ سابق وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسمٰعیل نے کہا وفاق کا یہ موقف ہے کہ ان کے پاس پیسے نہیں بچتے جس پر اسے قرض لینا پڑتا ہے اور ٹیکس بھی بڑھانا پڑتا ہے۔ صوبوں کو پیسے کم دینے چاہئیں، صرف وفاق کو پیسے دینا کوئی حل نہیں ہے۔ صوبوں کو جو پیسے ملے ہیں وہ لوکل گورنمنٹ کو جانے چاہئیں۔ اٹھارہویں ترمیم کے تحت این ایف سی میں صوبوں کے حصے میں کمی نہیں کی جاسکتی۔ وفاق نے اپنی ترمیم کے مطابق ماحولیات اور خوراک کی وزارتیں ختم نہیں کیں۔ صوبوں کی کارکردگی کو دیکھنا ہوگا۔ وفاق اور صوبوں کو مل کر کام کرنا چاہئے۔ ماہر معیشت سہیل نقوی نے کہا کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد صوبوں کو بہت ساری ذمہ داریاں دی گئیں، صوبوں میں اضافی وسائل کی تقسیم اور صحت، تعلیم کیلئے وسائل مختص کرنے کے بارے میں ایک تعلق ہے۔ کئی صوبوں کی کارکردگی اچھی ہوئی کئی ایک کی خراب ہوگئی ہے۔ سب سے اچھی کارکردگی صوبہ بلوچستان کی ہے۔ جب وسائل پورے نہیں ہوتے ہیں اس میں ٹیکس کی شرح بڑھادی جاتی ہے۔ صوبوں کو وسائل کم دینے چاہئیں۔ ٹیکسوں میں کمی کی جائے۔ وسائل کی تقسیم کو کارکردگی سے جوڑا جائے۔ ممبر این ایف سی اسد سعید نے کہا اگر وفاقی حکومت بھی جی ڈی پی بہتری کیلئے کام نہ کرسکے تو اس کا بھی فنڈ کاٹنا چاہیے۔ صوبوں پر وسائل زیادہ کرنے کا پریشر نہیں ہے۔ فاٹا انضمام کے بعد صوبے کی ذمہ داریاں اور رقبہ بڑھ گئے مگر مالی تلافی نہیں ہوئی۔ صوبائی شیئر میں کمی ہوئی۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

کہا کہ صنعتوں کے لیے بجلی کے ٹیرف میں 4.04 روپے فی کلوواٹ گھنٹہ کمی سے پیداواری لاگت میں نمایاں کمی آئے گی، جس سے مقامی صنعت کو مسابقتی برتری حاصل ہوگی، اسی طرح ایکسپورٹ ری فنانس اسکیم (ERS) کے تحت فنانسنگ ریٹ کو پالیسی ریٹ مائنس 3 فیصد سے بڑھا کر مائنس 6 فیصد کرنے کا اقدام برآمد کنندگان کے لیے ایک بڑی سہولت ہے، جس سے انہیں مزید سستی اور مؤثر مالی معاونت میسر آئے گی جو صنعتی شعبے کے لیے ایک بڑا ریلیف ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ اقدامات نہ صرف صنعتوں کو درپیش توانائی اور مالی مسائل کے حل میں مددگار ثابت ہوں گے بلکہ برآمدات میں اضافے، معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور مقامی و غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے بھی سازگار ماحول پیدا کریں گے۔ صدر کاٹی نے شہباز شریف حکومت کے ان اقدامات کو صنعتی ترقی کے لیے مؤثر اور دور رس نتائج کا حامل قرار دیتے ہوئے توقع ظاہر کی کہ صنعتکاروں اور برآمد کنندگان کو سہولت فراہم کرنے کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، تاکہ ملکی معیشت مزید مستحکم ہو اور پاکستان عالمی منڈی میں ایک مضبوط برآمدی ملک کے طور پر ابھر سکے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

ڈالر آئے، معیشت مستحکم سے پائیدار ترقی کی جانب گامزن ہورہی ہے، ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچانا ہمارے لئے بڑا چیلنج تھا، حکومت کی کاوشوں سے ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا جبکہ کچھ سازشی عناصر ملک کے دیوالیہ ہونے کی امیدیں لیے بیٹھے تھے لیکن ان کے منہ کھلے کے کھلے رہ گئے۔ آئی ایم ایف پروگرام کی وجہ سے عام آدمی اور کاروباری طبقے کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا لیکن ان کی قربانیوں کی بدولت ملک ترقی کررہا ہے، مہنگائی کی شرح میں بتدریج کمی آرہی ہے، پالیسی ریٹ 22 فیصد سے کم ہوکر ساڑھے 10 فیصد تک آچکا ہے۔ انہوں نے کہا فارن ایکسچینج ریزروز ڈبل ہوچکے ہیں، اس میں بلاشبہ دوست ممالک کے قرضے بھی شامل ہیں جس کیلئے انہوں نے اور فیلڈ مارشل نے کئی ممالک کے دورے کیے۔ وزیراعظم نے چین، سعودی عرب، یو اے ای، قطر سمیت دوست ممالک کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے مشکل ترین حالات میں مدد کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ قرضوں سے پاکستان کیلئے مشکلات پیدا ہوتی ہیں، ہمیں دوست ممالک کی خواہشات کا خیال رکھنا ہوتا ہے اور ہمارا سر جھک جاتا ہے اس لیے معیشت کا مستحکم ہونا کافی نہیں، غربت، بیروزگاری پر قابو پانا ہوگا۔ برآمدات مزید بڑھانا ہوں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ معرکہ حق میں فتح کے بعد پاکستان کا دنیا میں منفرد مقام بن چکا ہے، بھارت کو ایسی شکست دی ہے کہ اس کی نسلیں یاد رکھیں گی، فتح کے بعد دنیا ہمیں رشک و محبت سے دیکھ رہی ہے، عالمی دوروں کے دوران عالمی سربراہان اور رہنماو?ں کے رویے تبدیل ہوتے دیکھے ہیں، دنیا بھر میں پاکستانی پاسپورٹ کو اب عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، معرکہ حق کے بعد مختلف ممالک کے سربراہان جو پہلے سلام لینے میں ہچکچاتے تھے اب آکر بغلگیر ہوتے ہیں، دنیا پر ہماری ایسی دھاک بیٹھ گئی ہے کہ اب ہماری بات مانی جاتی ہے، سرمایہ کاری کے لئے رابطے کئے جارہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سفارتی وعسکری کامیابی کے بعد معاشی کامیابی اہم چیلنج ہے، یہ ایک کٹھن سفر ہے جس کیلئے خون پسینہ بہانا ہوگا اور دن رات کام کرنا ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ترقی کا سفر اب شروع ہوا چاہتا ہے، برآمدات و درآمدات میں توازن لانا ہوگا۔ وزیراعظم نے ایوارڈز حاصل کرنے والوں کو دو سال کیلئے بلیو پاسپورٹ اور ایمبیسیڈر ایٹ لارج کا درجہ دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے کی نجکاری شفاف انداز میں ہوتے ہوئے سب نے دیکھی، شفافیت کے عمل کو یقینی بنا کر نجکاری ہوگی، پی آئی اے کی ترقی کے لئے حکومت بھرپور تعاون فراہم کرے گی۔ وزیر اعظم نے حکومتی اخراجات کم کرنے کے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پی ڈبلیو ڈی اور یوٹیلیٹی سٹورز کو کرپشن اور ناقص کارکردگی کے باعث بند کردیا گیا ہے، پاسکو کو بھی ناقص کارکردگی پر بند کردیا، اداروں میں بہتری کے لئے اصلاحات لارہے ہیں، ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے گھر بیٹھے مستحقین کو 16 ارب روپے رمضان پیکیج کی مد میں دیئے، رواں سال 40 ارب روپے سفید پوشوں میں ڈیجیٹل ادائیگی کے ذریعے تقسیم کریں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پہلے آئی ایم ایف حکام کہتے تھے کہ پاکستانی حکومت جو کہتی ہے کرکے نہیں دکھاتی، اب وہ کہتے ہیں کہ ہم کرکے دکھاتے ہیں، ان کے یہ الفاظ صرف میرے لیے اعزاز نہیں بلکہ یہ ملک کیلئے قابل فخر ہیں۔ وزیراعظم نے صارفین سے وصولی کرکے قومی خزانے میں ٹیکس جمع نہ کرانے والوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ٹیکس دینا ہوگا، کوئی معافی نہیں ملے گی، سب سے پہلے شوگر ملز سے 50 ارب کی ریکوری کی، سرحدوں سے پٹرولیم کی سمگلنگ بند ہوچکی، ماہانہ ریونیو میں اضافہ ہوگیا، اس سلسلے میں پاک فوج کا کردار قابل تحسین ہے جنہوں نے سرحدوں پر سختی کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملکی ترقی وخوشحالی کیلئے سیاسی وعسکری قیادت مل کر فیصلے کررہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ تمباکو کی صنعت ایک صوبے میں زیادہ ہے، وہاں ٹیکس جمع کرنے کیلئے اقدامات تیز کررہے ہیں۔ انہوں نے ٹیکسٹائل، لیدر اور ڈیجیٹل شعبے سمیت مختلف وزارتوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے تمام وزرا کی کارکردگی کو سراہا، انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ مارشل کے خصوصی تعاون سے بہت سے معاملات کو حل کیا، سیاسی و عسکری تعاون سے ترقی کے تمام راستے کھل رہے ہیں، حکومت اور فوج کی پارٹنرشپ اسی طرح چلتی رہی تو پاکستان دنیا کے نقشے پر مضبوط ملک بن کر ابھرے گا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مدد نہ ہوتی تو کئی مسائل حل نہیں ہو سکتے تھے، پاکستان ترقی کرے گا تو بھارت کو بھی غشی کے دورے پڑیں گے کہ پاکستان اتنا تگڑا ملک کیسے بن گیا۔ وزیراعظم نے صنعت کے لئے بجلی ٹیرف میں 4 روپے 4 پیسے فی یونٹ مزید کمی کا اعلان کیا۔ انہوں نے برآمد کنندگان کے لئے ٹیکس میں 3 فیصد کمی کا بھی اعلان کیا اور کہا کہ برآمد کنندگان کے لئے ٹیکس ساڑھے 7 سے کم کرکے ساڑھے 4 فیصد پر لارہے ہیں۔ وزیر اعظم نے ویلنگ چارجز میں کمی کا بھی اعلان کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایڈوانس ٹیکس کا نفاذ آئی ایم ایف کی مجبوری تھی اس لئے یہ لگانا پڑا، اس معاملہ کو بھی آئی ایم ایف کے ساتھ اٹھائیں گے۔ انہوں نے برآمد کنندگان کیلئے ری فنانسنگ 7.5 فیصد سے کم کرکے 4.5 فیصد کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ اس سے برآمد کنندگان کو بڑی سہولت ملے گی اور جن کو فنانس کی ضرورت ہوتی ہے وہ اس سے استفادہ کر سکیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے ایکسپورٹ ری فنانس سکیم کیلئے 1052 ارب روپے مختص کئے تھے جس میں سے 900 ارب روپے استعمال کئے جاچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سکیم کے تحت برآمد کنندگان کو سٹیٹ بینک کے پالیسی ریٹ کے تحت 3 فیصد کا ریلیف حاصل تھا جسے اب مزید کم کرکے 4.5 فیصد کردیا گیا ہے۔ انہوں نے بینکوں کے اعلیٰ حکام پر زور دیا کہ وہ چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کو بھی قرضے دیں۔ تقریب میں موجودہ حکومت کی معاشی کارکردگی پر دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی جبکہ وزیر اعظم نے لکی ٹیکسٹائل، صوفی انڈسٹریز، نوا ٹیکسٹائل، یو ایس اپیرل ٹیکسٹائل، آصف رائس ملز، الکرم ٹیکسٹائل، سفائر ٹیکسٹائل، غریب سنز رائس ملز، ڈائمنڈ فیبرکس، ریاض ٹیکسٹائل، صداقت پرائیویٹ لمیٹڈ، سٹائل ٹیکسٹائل سمیت نمایاں برآمد کنندگان کو ایوارڈز بھی دیئے۔ دریں اثناء وزیراعظم نے وزیر مملکت ارمغان سبحانی کی رہائشگاہ پر پہنچ کر ان کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ مزید برآں شہباز شریف چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال کی رہائشگاہ بھی گئے اور ان کے بھائی کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کی بلندء درجات کیلئے دعا کی۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

359.78 ملین ڈالر تھیں، یوں اس مد میں 52.68 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح اری۔6 چاول کی برآمدات بھی کم ہوکر 37.24 ملین ڈالر رہ گئیں، جو پچھلے سال 47.7 ملین ڈالر تھیں، یعنی 21.93 فیصد کمی۔ رواں سال پاکستان نے چینی کی کوئی برآمد نہیں کی، حالانکہ گزشتہ سال اسی مدت میں چینی سے 145.85 ملین ڈالر حاصل ہوئے تھے۔ مجموعی طور پر خوراک کی برآمدات میں 22.06 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، جو 2.910 بلین ڈالر سے 22.68 بلین ڈالر رہ گئیں۔ جبکہ ٹیکسٹائل سیکٹر بھی 8.56 فیصد منفی نمو کا شکار رہا۔ دسمبر 2025 میں بڑی برآمدی اشیا میں نٹ ویئر، ریڈی میڈ گارمنٹس، بیڈ ویئر، دیگر اقسام کے چاول، کاٹن کلاتھ، تولیے، میڈ اپ آرٹیکلز، کاٹن یارن، پیٹرولیم مصنوعات اور گوشت شامل تھے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق جولائی تا دسمبر 2025 کے دوران پاکستان نے 34.5 ارب ڈالر کی درآمدات کیں جبکہ برآمدات صرف 15 ارب ڈالر رہیں، جس سے تجارتی خسارہ 35.52 فیصد بڑھ کر 19 ارب ڈالر سے تجاوز کرگیا۔ یہ صورتحال برآمدات کی بنیاد پر ترقی کے دعووں کے برعکس اور تجارتی ڈھانچے کی کمزوریوں کو ظاہر کرتی ہے۔ چھ ماہ میں خوراک کی درآمدات 4.63 ارب ڈالر رہیں، جن میں چینی، دودھ، مکھن، خشک میوہ جات، چائے، مصالحہ جات، سویا اور پام آئل شامل ہیں۔ چائے کی درآمد پر تقریباً 90 ارب روپے خرچ کیے گئے۔ اس عرصے میں اسمارٹ موبائل فونز کی درآمد تقریباً ایک ارب ڈالر رہی، جبکہ موبائل ایکسیسریز بھی بڑی مالیت میں درآمد ہوئیں۔ مشینری کی درآمدات 16 فیصد بڑھ کر 5 ارب ڈالر ہوگئیں، جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کا درآمدی بل 8 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ زرعی کیمیکلز، کھاد، دھاتیں، ٹیکسٹائل خام مال اور دیگر صنعتی اشیا کی بڑی درآمدات نے درآمدی دباؤ میں مزید اضافہ کیا۔ دستاویز کے مطابق علاقائی عدم استحکام، خصوصاً افغانستان کے ساتھ تجارت کی بندش، برآمدات میں کمی کی ایک بڑی وجہ ہے۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

وزیر نے کہا کہ صنعتی بجلی کے بلوں پر مالی بوجھ، جو حکومت کے آغاز میں 8.90 روپے فی یونٹ تھا، اب کم ہوکر صفر ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بوجھ کے خاتمے سے وہیلنگ چارجز میں بھی کمی آئے گی جس کے تحت کراس سبسڈی میکانزم کے ذریعے صنعتوں کے لیے اوسطاً 4.04 روپے فی یونٹ کمی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کے نتیجے میں صنعتی صارفین کو اب تقریباً 11.5 سینٹ فی یونٹ کے حساب سے بجلی دستیاب ہوگی جس سے صنعتی مسابقت میں اضافہ اور معاشی ترقی کو تقویت ملنے کی توقع ہے۔ وفاقی وزیر نے اس فیصلے کا کریڈٹ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت اور رہنمائی کو دیتے ہوئے کہا کہ یہ ریلیف پیکج صنعتوں کی بحالی اور پیداواری لاگت میں کمی کے لیے حکومت کے عزم کا عکاس ہے۔ اویس لغاری نے ملکی معیشت کی سمت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مزید کہا کہ یہ اقدام حکومت کے وسیع تر وژن اڑان پاکستان سے ہم آہنگ ہے۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے دورے کے موقع پر صنعتکاروں سے خطاب میں کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت، ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، سینئر نائب صدر زاہد حمید، نائب صدر محمد طلحہ علی، قائمہ کمیٹی کے چیئرمین احتشام الدین، سی ای او کائیٹ زاہد سعید، سابق چیئرمین و صدور جنید نقی، فرحان الرحمان، مسعود نقی، فرخ مظہر، ریحان جاوید، قائم مقام مینجنگ ڈائریکٹر ایس ایس جی سی امین راجپوت، سید فہد، سید سعید رضوی سمیت دیگر ممبران اور صنعتکار موجود تھے۔ آصف انعام نے مزید کہا کہ موسم سرما میں گیس کی قلت کے باعث مجبوراً انڈسٹری کو گیس کی فراہمی عارضی طور پر معطل کی۔ توقع تھی کہ متبادل ذرائع سے گیس مل جائے تاہم گیس فیلڈ سے پریشر میں کمی اور عدم دستیابی کے باعث صنعتوں کیلئے گیس بندش کا اعلان کرنا پڑا، انہوں نے کہا کہ آئندہ سال موسم سرما کیلئے انڈسٹری کے ساتھ مشاورت سے گیس لوڈ مینجمنٹ پلان ترتیب دیں گے تاکہ صنعتوں کا پہیہ بلاتعطل چلتا رہے۔ قائم مقام مینجنگ ڈائریکٹر ایس ایس جی سی امین راجپوت نے خطاب میں کہا کہ بلوچستان میں منفی 10 ڈگری درجہ حرارت کے باعث سخت سردی ہے جس سے وہاں معمولات زندگی کا مکمل انحصار گیس پر ہوتا ہے، باوجود نقصانات انسانی بنیادوں پر بلوچستان میں گیس فراہم کرنے کے پابند ہیں۔ امین راجپوت نے کہا کہ آر ایل این جی کی درآمد میں بیشتر حصہ سوئی نادرن کا ہے، اور سوئی سدرن صرف انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق ہی گیس ڈاؤن لوڈ کرتی تھی تاہم موسم سرما میں وہ بھی گیس دستیاب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹیو پاور پلانٹس کے سسٹم سے نکل جانے سے 100 ایم ایم سی ایف ڈی گیس کا استعمال کم ہوا ہے جس سے سالانہ 100 ارب روپے گیس خریدنے والا کنزیومر نکل گیا ہے جو ادارے کیلئے بڑا چیلنج ہے۔ قائم مقام ایم ڈی نے کہا کہ ملک میں گیس سپلائی سالانہ 8 فیصد کے تناسب سے کم ہورہی ہے جبکہ نئی دریافت ہونے والی گیس کو سسٹم میں شامل کرنے میں 2 سال لگتے ہیں۔ اس وقت فرٹیلائز کا شعبہ بھی جسے 60 ایم ایم سی ایف ڈی گیس دی جاتی تھی اسے بھی صرف 2 ایم ایم سی ایف ڈی گیس فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ توقع ہے کہ ماہ جنوری میں سخت سردی کے باعث گیس کی طلب میں اضافہ ہے اور امکان ہے کہ فروری میں موسم بہتر ہوگا جس سے ڈیمانڈ اور سپلائی میں بہتری آئے گی۔ امین راجپوت نے کہا کہ تحقیق کے مطابق ملک میں 2031 کے بعد آر ایل این جی درآمد کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت آر ایل این جی کے کارگو ڈائیورٹ کررہی ہے۔ قبل ازیں کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت نے کہا کہ آصف انعام کا تعلق بزنس کمیونٹی سے ہے اور وہ بزنس کمیونٹی کے مسائل سے باخوبی واقف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکاروں کو آصف انعام سے مسائل کے حل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی امیدیں وابستہ ہوگئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی قلت اور پریشر میں کمی سے صنعتیں بند ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ گیس کے متبادل ذرائع پر انحصار بڑھ رہا ہے جس سے پیداواری لاگت آسمان سے باتیں کرنے لگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ بھی طلب میں کمی کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صنعتوں کیلئے گیس کی قیمت میں کمی کرے۔ ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا نے کہا کہ صنعتکار اور ایس ایس جی سی حکام مشاورت سے مسائل حل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ چیئرمین ایس ایس جی سی آصف انعام صنعتکاروں کے مسائل حکومت اور متعلقہ وزارت تک پہنچائیں گے، اور حکومت اور انڈسٹری کے درمیان پل کا کردار ادا کریں گے۔ زبیر چھایا نے کہا کہ صنعتکار گیس کی ترسیل اور قیمتوں میں استحکام کیلئے حکومت سے ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایس ایس جی سی کے مسائل سمجھتے ہیں تاہم ملک میں انڈسٹریلائزیشن کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیداواری لاگت اور توانائی کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث صنعتیں بندش کا شکار ہیں۔ قائمہ کمیٹی کے چیئرمین احتشام الدین نے کہا کہ یہ دوسرا ہفتہ ہے جس میں صنعتوں کیلئے گیس بندش کا اعلان کیا گیا ہے جس سے مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔ حکومت گھریلوں صارفین کے ساتھ صنعتوں کو بھی ترجیح بنیادوں پر گیس فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ کورنگی صنعتی علاقے میں ایس ایس جی سی سے متعلق شکایات نہیں لیکن گیس پریشر اور قیمتوں کے باعث صنعتکار گیس پر انحصار کم کرتے ہیں۔ نائب چیئرمین قائمہ کمیٹی ریحان جاوید نے کہا کہ ہفتہ کو گیس بندش کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے، پریشر کے بہتر انتظام سے تعطیل کو ختم کیا جائے یا پھر 50 فیصد بندش پر عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکار ایس ایس جی سی کو حکومت سے مشاورت میں ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ریحان جاوید نے کہا کہ وزارت توانائی نے اعلان کیا کہ توانائی کی طلب میں 27 فیصد اضافہ ہوا، جس پر ہم نے تمام متعلقہ اداروں سے ریکارڈ حاصل کیا تو انکشاف ہوا کہ کیپٹیو پاور کے اگر نکال دیا جائے تو سالانہ طلب میں 12 فیصد کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹیو پاور پلانٹس پر لیوی اور قیمتوں میں کمی کی جائے۔ سی ای او کائیٹ لمیٹڈ زاہد سعید نے کہا کہ کیپٹیو پاور پلانٹ بند پڑے ہیں جس کی قیمت اسکریپ کے برابر ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس پریشر میں مسلسل اتار چڑھاؤ کے باعث اس پر انحصار کرنا ناممکن ہوگیا ہے۔ زاہد سعید نے کہا کہ سمجھ سے بالاتر ہے کہ حکومت کا مؤقف ہے کہ گیس کی قلت میں اضافہ ہورہا ہے لیکن دوسری جانب آر ایل این جی کو ڈائیورٹ کیا جارہا ہے۔ انڈسٹری حکومت کی مقرر کردہ قیمت پر گیس خریدنے کیلئے تیار ہے لیکن بلاتعطل سپلائی یقینی نہیں بنائی جارہی۔ زاہد سعید نے کہا کہ ہمیں ہفتہ کی گیس بندش کی اطلاع بہت تاخیر سے ملی جس کے باعث متبادل بندوبست نہ ہوسکا جس کی وجہ سے آج انڈسٹری کو بند کرنا پڑ گیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایس ایس جی سی پیشگی اطلاع دے تو انڈسٹری متبادل بندوبست کرکے صنعتوں کو چلاسکتی ہے۔ سابق صدر مسعود نقی نے کہا کہ گیس کی قیمتوں میں بہت زیادہ تضاد ہے، جبکہ اس شعبے کیلئے ایک یکساں پالیسی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹیو پاور پلانٹس کو گرڈ کی قیمت پر گیس فراہم کی جائے۔ تاہم گیس پریشر کا مسئلہ فوری طور پر حل کیا جائے۔ مسعود نقی نے کہا کہ ادارہ زیر التوا مقدمات کو حل کرے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایس جی سی پالیسی سازی پر توجہ دے اور قیمتوں کو متوازن کرے تاکہ چوری میں بھی کمی آئے۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

وکیل عاصمہ حمید نے دلائل پیش کیے اور عدالت نے دفعہ 4 بی کے تحت دائر کردہ ٹیکس دہندگان کی اپیلیں مسترد کرتے ہوئے دفعہ چار بی کو آئینی طور پر ایک جائز ٹیکس قرار دیا۔ ایف بی آر نے کہا کہ عدالت نے دفعہ 4 سی سپر ٹیکس سے متعلق کمشنرز ان لینڈ ریونیو فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور وفاق کی جانب سے دائر اپیلیں بھی منظور کرتے ہوئے دفعہ چار سی کو نافذ شدہ صورت میں آئینی طور پر درست اور ٹیکس سال 2022 کے لیے مؤثر بہ ماضی قابل اطلاق قرار دیا ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ ٹیکس سال 2022 کے لیے دفعہ 4 سی کے تحت سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد ہوگی جو آرڈیننس کے ڈویژن IIB کے پہلے شرائط نامے میں درج 15 شعبہ جات پر لاگو ہوگی بشرطیکہ متعلقہ ٹیکس سال میں ان کی آمدن 300 ملین روپے سے تجاوز کرگئی ہو، تیل اور گیس تلاش کرنے والی پیٹرولیم کمپنیوں کے حوالے سے جن کا کاروبار انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے پانچویں شیڈول کے تحت پیٹرولیم اور رعایتی معاہدوں کے مطابق کیا جاتا ہے۔ عدالت نے کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ نئے نوٹسز جاری کریں اور ہر معاہدے کی شرائط وضوابط کے مطابق قانون کے تحت دفعہ 4 سی کا اطلاق کریں اس بات کو مدنظر رکھا جائے کہ معاہدوں میں طے شدہ حد سے تجاوز نہ ہو۔ عدالت نے مزید قرار دیا کہ دفعہ 4 سی کے تحت بینکنگ کمپنیوں پر سپر ٹیکس، ٹیکس سال 2023 اور اس کے بعد کے سالوں کے لیے قابل اطلاق ہوگا۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

ہے۔ فنانس ڈویژن نے مقامی گندم کیلیے 4,742 روپے فی 40 کلوگرام اور درآمدی گندم کیلیے 6,425 روپے فی 40 کلوگرام ریزرو قیمت مقرر کرنے کی تجویز دی تھی۔ تاہم ای سی سی نے مقامی گندم کیلئے 4,400 روپے اور درآمدی گندم کیلئے 4,070 روپے کی ریزرو قیمت کی منظوری دی۔ اس قیمت پر درآمدی گندم کی فروخت سے خزانے کو 2,355 روپے فی چالیس کلوگرام کا نقصان برداشت کرنا پڑیگا۔ ای سی سی کو بتایا گیا کہ ان قیمتوں کی بنیاد پر 5 لاکھ ٹن گندم کو ٹھکانے لگانے پر 20.5 ارب روپے سے لے کر 22 ارب روپے تک کا مالی خسارہ ہوسکتا ہے۔ تاہم اس مقدار میں گندم ذخیرہ کرنے کی سالانہ لاگت 11 ارب روپے سے زیادہ ہے۔ پاسکو کے پاس مجموعی طور پر 20 لاکھ ٹن گندم کا ذخیرہ موجود ہے اور گزشتہ ماہ وفاقی کابینہ نے اس ادارے کو بند کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس فیصلے سے وفاقی حکومت کی ناقص معاشی اور تجارتی منصوبہ بندی کی نشاندہی ہوتی ہے جس نے پہلے مہنگی گندم درآمد کی اور اب اسے سبسڈی کے ساتھ بیچا جارہا ہے۔ اب وزارت خزانہ گندم کے ذخیرے کو ٹھکانے لگانے کے لیے تقریباً 20 ارب روپے کی سبسڈی دے گی، جس میں 9 ارب روپے فوری ادا کئے جائیں گے۔ ای سی سی کو بتایا گیا کہ پاسکو کے پاس 2022 سے اب تک 294,994 میٹرک ٹن درآمدی گندم کا سٹاک موجود ہے جو کہ تازہ آمد کے مقابلے میں اپنی مارکیٹ ویلیو کو بتدریج کھو رہا ہے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

اداروں میں ڈھونڈ مچی اور ہلچل مچ گئی۔ سندھ پولیس کے اعلیٰ افسران سے رابطہ کیا گیا، بزنس مین دانش متین کو واپس کراچی میں دفتر کے قریب چھوڑ دیا گیا۔ اداروں نے معاملے کی انکوائری کی تو ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ کا نام آیا جنہیں فوری طور پر عہدے سے ہٹادیا گیا۔ یہ 31 کروڑ روپے کی لین دین کا معاملہ تھا جس میں ڈی آئی جی پیر محمد شاہ کی جانب سے پاور پریکٹس کی گئی۔ تاجر دانش متین کے اغواء کی سنگینی کو بھانپتے ہوئے آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی جانب سے ڈی آئی جی پیر محمد شاہ کے نام ایک خط لکھا گیا، جس میں وضاحت مانگی گئی خط میں بتایا گیا کہ بزنس مین دانش متین کے خلاف مقدمہ نمبر 506/2025 حیدرآباد کے پولیس اسٹیشن اے سیکشن میں درج کیا گیا جس میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) مرزا راشد بیگ نے اہم کردار ادا کیا، مذکورہ ایف آئی آر آپ (ڈی آئی جی پیر محمد شاہ) کے حکم پر درج کی گئی اس مقدمے میں نیت کی خرابی، اختیارات کا ناجائز استعمال جیسا عنصر ملتا ہے، اس مقدمے کے حوالے سے آپ (پیر محمد شاہ) اپنی پوزیشن کو تین روز میں واضح کریں، اگر آپ (پیر محمد شاہ) پوزیشن واضح نہیں کرتے یا خط کا جواب نہیں دیتے تو آپ (پیر محمد شاہ) کے خلاف ڈیپارٹمنٹل انکوائری کی جائے گی۔ اس خط کا جواب آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کو دیا گیا یا نہیں البتہ ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ کو عہدے سے ہٹادیا گیا ہے۔ کراچی کے بزنس مین دانش متین نے اپنی بازیابی کے بعد گزری تھانہ (کراچی) میں 365A اغواء کا مقدمہ درج کرایا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ وہ ڈی ایچ اے فیز 2 اپنے دفتر سے شام سات بجے گھر خیابان امیر خسرو فیز 6 جارہے تھے کہ ایک سفید رنگ کی گاڑی BEB 567 نے انہیں روکا، تشدد کا نشانہ بنایا اور اغواء کرلیا، میں نے ایک شخص امان کو شناخت کیا ہے جو میرا بزنس مخالف فیصل حمید کا سکیورٹی گارڈ ہے، اس کے علاوہ پولیس کی وردی میں ملبوس اور ماسک لگائے کچھ لوگ بھی موجود تھے ان لوگوں نے مجھے (دانش متین) کو مارنے کی دھمکی دی، 1 ملین روپے اور موبائل فون اور قیمتی گھڑی تحویل میں لے لی، حمید اللہ اور نواز نے کسی کو ویڈیو کال کی جس نے کہا ”دیکھ اب ہم تیرے ساتھ کیا کرتے ہیں“ ”تم فیصل سے 31 کروڑ کا معاملہ ختم کرو، اس کے علاوہ اغواء کاروں نے 30 ملین تاوان کی رقم کا مطالبہ کیا، طاقتور بزنس کمیونٹی کی مداخلت سے رات 11 بجکر 40 منٹ پر مجھے دفتر کے قریب چھوڑ دیا گیا لہٰذا فیصل حمید، نواز اور حمید اللہ کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے اور یہ مقدمہ اغواء برائے تاوان کی دفعات کے تحت درج کرلیا گیا جس کی انکوائری میں پولیس افسران کے نام کی بازگشت ہے یہ انکوائری ہوگی یا معاملہ خوش اسلوبی سے حل کرلیا جائے گا اس کا فیصلہ وقت اور حالات کریں گے۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے ٹرانسفارمیشن پلان کے مطابق محکمہ کسٹمز میں انفرا اسٹرکچرل اصلاحات کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیس لیس اسیسمنٹ سسٹم کے ذریعے کلیئرنس میں تاخیر کے خاتمے سے لے کر شفافیت و بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انفورسمنٹ میں ڈیجیٹل انفورسمنٹ سسٹم سمیت دیگر اصلاحات کے ذریعے اسمگلنگ کی روک تھام کر رہے ہیں۔ ممبر کسٹم آپریشنز نے کہا کہ پاکستان کسٹمز عالمی معیارات کے مطابق ٹیکنالوجی کو متعارف کرارہی ہے۔ کسٹمز نے پی ایس ڈبلیو اور فیس لیس کے ذریعے سنگ میل حاصل کیا ہے، جس سے سرگرمیوں میں بہتری آئی ہے۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

کے نئے مواقع تلاش کرنے کی کوششیں تیز کردی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ پاکستان جی ایس پی پلس جیسے اہم تجارتی مراعاتی منصوبے کی مدت میں توسیع کے لیے بھی کوشاں ہے۔ اسحاق ڈار نے تجارتی تعاون بڑھانے، معاشی روابط کے نئے مواقع تلاش کرنے اور پاکستان و یورپی یونین کے اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ بیان کے مطابق انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ جی ایس پی پلس باہمی فائدہ مند تجارت کے لیے ایک نہایت اہم فریم ورک ہے اور پاکستان کی اقتصادی ترقی کے لیے اس کی مکمل صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ ذرائع کے مطابق اس بین الوزارتی اجلاس کا انعقاد مشاورت کے ایک طویل سلسلے کے بعد کیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور پاکستان میں متعین یورپی یونین کے سفیر کے درمیان نئے منظرنامے میں پاک یورپی تعاون پر بات چیت ہوئی، اس دوران پاکستان کی تجارتی تنظیموں نے بھی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کو یورپی ممالک کو ہونے والی برآمدات پر پڑنے والے ممکنہ اثرات کے بارے میں بریفنگ دی۔ سال 2024-2025 میں یورپی یونین کے لیے پاکستان کی برآمدات 9 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئیں، جس کے بعد یورپی یونین ایک اولین طور پر سامنے آئی ہے جہاں پاکستان کی مجموعی عالمی برآمدات کا تقریباً 24 سے 29 فیصد حصہ جاتا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی چیمبر کے نائب صدر، ثاقب فیاض مگوں نے خبردار کیا ہے کہ یورپی یونین اور بھارت کے درمیان ہونے والا معاہدہ یورپی منڈیوں میں پاکستان کی مسابقتی برتری کو ختم کرسکتا ہے۔ ان کے مطابق جی ایس پی پلس کا درجہ پاکستان کو یورپی یونین کے لیے ہونے والی اس کی تقریباً 80 فیصد برآمدات پر ڈیوٹی فری (ٹیکس سے پاک) رسائی دیتا ہے۔ اس وقت یورپی یونین کو پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات 6.2 ارب ڈالر ہیں جو بھارت کی 5.6 ارب ڈالر کی برآمدات سے تھوڑی زیادہ ہیں، حالانکہ بھارت کو فی الحال 12 فیصد ٹیرف (محصولات) کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیسے ہی بھارت کو اس تجارتی معاہدے کے تحت زیرو ریٹڈ (صفر ٹیکس) رسائی حاصل ہوگی پاکستان کی یہ برتری ختم ہوجائے گی اور ہماری برآمدات کو شدید دھچکا لگ سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان جی ایس پی پلس جیسے اہم تجارتی مراعاتی منصوبے کی مدت میں توسیع کے لیے بھی کوشاں ہے۔ اس سلسلے میں نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے ایک اعلیٰ سطح کے بین الوزارتی اجلاس کی صدارت کی جس کا مقصد یورپی یونین کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی تعلقات کا جائزہ لینا اور انہیں مزید مستحکم کرنا تھا۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

کے وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک بھی موجود تھے۔ جس کے دوران وزراء نے اس بات پر زور دیا کہ ٹیکسٹائل صنعت پاکستان کی معیشت کا ایک ستون بنی ہوئی ہے کیونکہ اس کا برآمدات، روزگار اور صنعتی سرگرمیوں میں نمایاں حصہ شامل ہے۔ وزراء نے اس بات پر مزید زور دیا کہ حکومت کاروبار کے لیے منصفانہ اور پیش گوئی کے قابل پالیسی ماحول برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے، اور معیشت میں انصاف، شفافیت اور وسیع البنیاد شرکت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ حکومت جائز شعبوں کے حقیقی مسائل حل کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے، جبکہ مشاورت اور ادارہ جاتی عمل کے ذریعے ساختی اصلاحات بھی آگے بڑھائی جارہی ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ توانائی کی دستیابی اور سستی اہم ترجیحات ہیں اور متعلقہ وزارتوں اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے ذریعے مختلف آپشنز پر غور کیا جارہا ہے تاکہ کارکردگی اور مسابقت میں بہتری آئے اور ساتھ ہی مالی ذمہ داری اور نظام کی پائیداری بھی یقینی بنائی جا سکے۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں اصلاحات متوازن انداز میں کی جارہی ہیں تاکہ صنعتی پیداوار کو سہارا ملے اور قومی معیشت کے طویل مدتی مفادات محفوظ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوری توجہ طلب مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھا جارہا ہے، جبکہ وسیع پالیسی معاملات کو قائم شدہ بجٹ اور اصلاحاتی میکانزم کے ذریعے آگے بڑھایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق بیان میں مزید کہا گیا کہ بعض صنعتی شعبوں میں عملی پابندیوں اور رسد سے متعلق چیلنجز پر بھی بات کی گئی، اور وزراء نے وفد کو یقین دلایا کہ متعلقہ حکام کے ساتھ تعاون جاری رہے گا تاکہ صنعتی سرگرمیاں ہموار طور پر چلتی رہیں۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

ہوئے کیا۔ اس موقع پر رکن سندھ اسمبلی علی احمد جان، ٹاؤن چیئرمین مورڑو میر بحر علی اکبر، یوسی چیئرمین رانا محمد الیاس سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، سماجی شخصیات اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر سعید غنی نے مرحومین کی مغفرت اور ان کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی۔ بعدازاں وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے سانحہ گل پلازہ میں جاں بحق ہونے والے میٹرو ویل کے رہائشی تاجروں نعمت اللہ اور عبداللہ جان کے گھر جا کر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور مرحومین کی مغفرت کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا کہ سانحہ گل پلازہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات جاری ہے اور اب تک کی تحقیقات کے نتیجہ میں کچھ ذمہ داران کا تعین بھی کیا گیا ہے اور ان کو ان کے عہدوں سے بھی ہٹا دیا گیا ہے۔ سعید غنی نے کہا کہ سندھ حکومت ایک ایک متاثرہ شخص کے غم میں برابر کے شریک ہے اور سانحہ میں جاں بحق تمام افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کرتے ہیں اور انہیں یقین دہانی کرواتے ہیں کہ سندھ حکومت اس سانحہ کی مکمل تحقیقات کرکے ان کے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دلوائے گی۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

بنانا، ادارہ جاتی صلاحیت کو مضبوط کرنا اور آئندہ سال نجکاری کے عمل کو تیز کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری کا اجلاس سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں گزشتہ چھ ماہ کے دوران بجٹ کی منظوری اور اس کے استعمال کا جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی نے وزارت نجکاری کے موجودہ بجٹ کے استعمال کا جائزہ لیا اور اسے بتایا گیا کہ پرائیویٹائزیشن ڈویژن اور پرائیویٹائزیشن کمیشن دونوں محدود بجٹ کے ساتھ کام کررہے ہیں، جس کا بڑا حصہ ملازمین سے متعلق اخراجات پر مشتمل ہے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

جس میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری بھی موجود تھے۔ گورنر سندھ نے اس لمحے کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان سفارتی کامیابیاں سمیٹ رہا ہے اور انشاء اللہ یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بنگلا دیش آپس میں برادر ملک ہیں مگر درمیان میں بھارت اور بالخصوص مودی نے اپنے مذموم عزائم استعمال کیے جن میں اب وہ ناکام ہوگیا ہے

بقیہ 17 تجارت نیوز

کیا گیا اور دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے جاری تعاون کا جائزہ لیا، خاص طور پر توانائی و معدنیات کے شعبوں میں تعاون کی نئی راہیں تلاش کیں۔ انہوں نے اقتصادی شراکت داری کو بڑھانے اور باہمی طور پر فائدہ مند سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے حال ہی میں ریاض میں منعقدہ فیوچر منرلز فورم میں پاکستان کی فعال شرکت کو سراہا اور معدنیات کے شعبے میں تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے دونوں ممالک کے درمیان مسلسل رابطے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

ہوتی ہے۔ ایف بی آر نے ایک پریس ریلیز میں کہا ہے کہ اس ماہ کی ٹیکس کارکردگی ایک باریک مگر تزویراتی طور پر اہم مالی نتیجے کی نشاندہی کرتی ہے، جس میں براہ راست ٹیکسوں میں نمایاں اضافہ، بالواسطہ اور ایکسائز محصولات میں معتدل نمو اور مجموعی طور پر جنوری 2026 میں صحت مند اور بہتر کارکردگی شامل ہے۔ یہ ایف بی آر کے اصلاحات پر مبنی ریونیو موبلائزیشن اور ٹرانسفارمیشن پلان کی ساکھ کو بھی مزید مضبوط کرتی ہے۔“ ریلیز کے مطابق انکم ٹیکس کی وصولیوں میں نمایاں بہتری آئی ہے اور یہ 381 ارب روپے کے مقابلے میں بڑھ کر 483 ارب روپے تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 26 فیصد کا متاثر کن اضافہ ہے۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

مطابق ایف بی آر کراچی لارج ٹیکس پیئر زیونٹ کی ٹیم کی جانب سے نے بڑے بڑے ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائی مزید تیز کرتے ہوئے 26 ارب روپے کی ٹیکس ریکوری کے ایک بڑے کیس میں بحریہ ٹاؤن کے خلاف فیصلہ کن قدم اٹھالیا گیا۔ اور ایف بی آر نے بحریہ ٹاؤن ٹاور کراچی کی پراپرٹی ضبط کرتے ہوئے اس حوالے سے باضابطہ پبلک نوٹس جاری کردیا ہے، جس کے بعد رئیل اسٹیٹ مارکیٹ میں ہلچل مچ گئی ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ٹیکس حکام کی جانب سے 7 اکتوبر کو بحریہ ٹاؤن ٹاور کراچی پر چھاپہ مار کارروائی کی گئی تھی، جس کے دوران عمارت سے متعلق تمام مالیاتی اور پراپرٹی ریکارڈ تحویل میں لے لیا گیا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

روپے رہیں، جو مقررہ ہدف سے 374 ارب روپے کم ہیں تاہم گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں یہ وصولیاں تقریباً 12 فیصد یا 743 ارب روپے زیادہ ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہفتہ کے روز سپر ٹیکس کی مد میں مزید 50 ارب روپے وصول ہونے کی توقع ہے، کیونکہ متعدد کمپنیاں بقایاجات جمع کرا رہی ہیں۔ اس کے باوجود اصل سالانہ ہدف کے مقابلے میں مجموعی شارٹ فال 597 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

کے وسط سالی جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اطلاعات کے مطابق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ منصوبہ بندی، نگرانی اور عملدرآمد کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے نئی روایت قائم کی جارہی ہے۔ ان کے مطابق ہر سال بجٹ کے موقع پر سالانہ ترقیاتی منصوبہ تیار کیا جاتا ہے تاکہ قومی معاشی اہداف مقرر کیے جاسکیں اور وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جاسکے۔ اب اس عمل کو مزید نتیجہ خیز بنانے کے لیے سالانہ منصوبے کا سہ ماہی بنیادوں پر جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ قومی مقاصد بروقت حاصل ہوسکیں۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

سیاحت سردار یاسر الیاس خان نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس حکمت عملی کا اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کا اب تک کا سب سے بڑا ٹورازم اسپورٹس اور فیملی فیسٹیول 31 جنوری سے پاکستان اسپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں شروع ہوگا جو برسوں کی غفلت کے بعد ملک کے سیاحتی شعبے کی بحالی اور اسے قومی دھارے میں لانے کی جانب ایک بڑا اقدام ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

نجکاری سے متعلق اہم معاہدے کی دستاویزات پر دستخط کے بعد سامنے آیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پی آئی اے کی کارکردگی، وقت کی پابندی، کیبن سروس اور مجموعی پیشہ ورانہ معیار میں نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

کاروں کی شرکت حالیہ برسوں میں پاکستان کے لیے ہونے والی سب سے بڑی، متنوع اور ادارہ جاتی نوعیت کی سرمایہ کار ملاقاتوں میں سے ایک تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلی مرتبہ اتنی بڑی تعداد میں حقیقی سرمایہ کاری کرنے والے عالمی سرمایہ کار ایک منظم اور مشترکہ فورم پر اکٹھے ہوئے۔ ذرائع کے مطابق خرم شہزاد نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں بتایا کہ اس روڈ شو کی قیادت وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو محمد اورنگزیب نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کی۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

ایسوسی ایشن کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ ورکشاپ کے دوران گرین پاکستان پراجیکٹ کے سربراہ ڈاکٹر مائکل اریڈز نے کہا کہ نجی اداروں کی جانب سے بھاری مالیت کی فیسوں کی ادائیگیوں کے عوض پاکستانی برآمد کنندگان کو 12 مختلف سرٹیفکیشن کے تناظر میں یورپین یونین کے ساتھ جرمنی کی حکومت نے بھی "جرمن ڈیو ڈیلیجنس ایکٹ" کے تحت گرین پاکستان پراجیکٹ پر سال 2025 سے کام شروع کیا ہوا ہے جو رواں سال کے اختتام تک جاری رہے گا۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

کے مطابق فی کلوگرام 6.37 روپے اضافے سے گھریلو 11.8 کلوگرام سلنڈر اور کمرشل صارفین دونوں متاثر ہوں گے، جو ملک کے مختلف حصوں میں سسٹم گیس کی قلت کے باعث کھانا پکانے اور گرمائش کے لیے ایل پی جی پر زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ نئی قیمتوں کے بعد 11.8 کلوگرام کے گھریلو ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 75.21 روپے اضافہ ہوگیا ہے، جس کے بعد فروری کے لیے اس کی نئی خوردہ قیمت 2,667.40 روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ گزشتہ ماہ یہ قیمت 2,592.19 روپے تھی۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق فی کلوگرام نئی قیمت 266.05 روپے ہوگئی ہے، اور ڈسٹری بیوٹرز اور ریٹیلرز کو سرکاری نرخوں سے زیادہ قیمت وصول کرنے سے خبردار کیا گیا ہے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

اور عوامی سہولت کی بہتری کے لیے اربوں روپے کے انفرااسٹرکچر، ٹرانسپورٹ، پانی اور فلاحی منصوبوں کی منظوری بھی دی۔ اجلاس کے آغاز میں کابینہ نے سانحہ گل پلازہ کے شہدا کے لیے فاتحہ خوانی کی اور متاثرہ خاندانوں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیا۔ کابینہ نے گل پلازہ واقعے میں جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور ایک جامع معاوضہ اور ریکوری پیکج کی منظوری دی۔ مرنے والوں کے لواحقین کو مالی معاوضے کے طور پر ہر ایک کو ایک کروڑ روپے ملیں گے۔ متاثرہ تاجروں کی مدد کے لیے، کابینہ نے فی دکاندار ایک کروڑ روپے کے بلاسود قرضوں کی منظوری دی، جس کی تمام سود کی لاگت سندھ حکومت برداشت کرے گی۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

عوامی قرضہ 71.2 کھرب روپے سے بڑھ کر 80.5 کھرب روپے تک جا پہنچا، جس کی بنیادی وجہ زیادہ سودی ادائیگیاں اور زرمبادلہ کی شرح میں تبدیلی رہی۔ رپورٹ میں اعتراف کیا گیا ہے کہ عوامی قرضے کی صورتحال گزشتہ مالی سال میں اہم چیلنج بنی رہی۔ فسکل ریسپانسبلٹی اینڈ ڈیٹ لمٹیشن ایکٹ کے تحت وفاقی حکومت پر لازم ہے کہ وہ مالی سال کے اختتام پر پارلیمنٹ کو مالی پالیسی بیان پیش کرے۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

اضافہ کردیا گیا جبکہ پٹرول کی قیمت 253 روپے 17 پیسے فی لٹر روپے برقرار رکھی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے ہائی سپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 268 روپے 38 پیسے فی لٹر مقرر کی گئی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، نئی قیمتیں یکم فروری سے آئندہ 15 روز کیلئے لاگو ہوں گی۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

کے مطابق اے وی این نے بتایا کہ یہ کامیابیاں نہ صرف صارفین کیلئے آپریشنز کو سہل بنائیں گی بلکہ جدید آٹومیشن اور ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے ان کے مجموعی منافع میں بھی نمایاں بہتری لائیں گی۔ اس ٹیکنالوجی کمپنی کو توانائی شعبے کے منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 5.7 ملین ڈالر مالیت کا لیٹر آف انٹینٹ جاری کیا گیا ہے۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

سے جاری کردہ آفس میمورنڈم، جو سرکاری ملازمین کے سوشل میڈیا استعمال سے متعلق ہیں، پرسختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

کھدائی کا کام کررہی ہے۔ 1950 اور 51 میں برطانوی ماہر آثار قدیمہ سر مارٹر وہیلر نے اپنی تحقیق میں اسے کچی اینٹوں کی بنیاد قرار دیا تھا۔ نئی کھدائی اور زمینی تہوں کے شواہد سے ماہرین نے اسے شہری فصیل قرار دیا ہے، ماہرین کے مطابق یہ فصیل غالباً تجارت کو منظم کرنے، آمد ورفت کو کنٹرول کرنے اور شہر کے انتظامی اور منصوبہ بندی کے نظام کیلئے بنائی گئی تھی۔ صوبائی وزیر ثقافت، سیاحت و نوادرات سید ذوالفقار علی شاہ کی جانب سے ماہرین آثار قدیمہ کو اس اہم دریافت پر مبارکباد دی گئی۔ یہ دریافت سندھ کے تاریخی ورثے کی عالمی اہمیت کو مزید اجاگر کرتی ہے۔ سید ذوالفقار علی شاہ نے کہا کہ اس دریافت سے تحقیقی اور سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ پاک۔امریکہ مشترکہ آثار قدیمہ مشن کی یہ کامیابی بین الاقوامی تعاون کی بہترین مثال ہے۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

بشمول کوئٹہ، مستونگ، نوشکی اور گوادر میں ہونے والے ان مربوط حملوں میں کم از کم 18 شہری اور 15 سیکیورٹی اہلکار شہید ہوئے۔ جوابی کارروائی میں پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس پر مبنی آپریشنز کے دوران گزشتہ ایک روز میں 3 خودکش حملہ آوروں سمیت 92 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، جس سے دو روز میں ہلاک دہشت گردوں کی مجموعی تعداد 133 ہوگئی ہے۔ سعودی عرب، برطانیہ اور ترکیہ نے بھی ان حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ مکمل تعاون کا یقین دلایا ہے۔ ادھر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کوئٹہ کا دورہ کیا اور عزم ظاہر کیا کہ منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو کسی رعایت کے بغیر انجام تک پہنچایا جائے گا۔ سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر کوئٹہ سے ٹرین سروس اور پنجاب کو بلوچستان سے ملانے والی شاہراہیں دوسرے روز بھی معطل رہیں۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

معاہدہ اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ کے کل جاری کردہ اور ادا شدہ سرمائے (کیپٹل) کے 84.06 فیصد حصے کی فروخت اور اس کے مشترکہ کنٹرول کے حوالے سے ہے۔ ین دین کی تکمیل خریداروں کی جانب سے سیکیورٹیز ایکٹ 2015 اور لسٹڈ کمپنیز (ووٹنگ شیئرز کا خاطر خواہ حصول اور ٹیک اوورز) ریگولیشنز 2017 کے تحت عوامی پیشکش (پبلک آفر) جاری کرنے، کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی منظوری اور مسابقتی کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) سے کلیئرنس سمیت تمام مطلوبہ کارپوریٹ اور ریگولیٹری منظوریاں حاصل کرنے، اور سودے کی تکمیل سے متعلق دیگر ضابطہ کار کی ادائیگی سے مشروط ہوگی۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

دالبندین، خاران، پنجگور، تمپ، گوادر اور پسنی میں حملے کئے۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں نے اپنے غیرملکی آقاؤں کے ایما پر بزدلانہ کارروائیاں کیں، ان حملوں کا مقصد مقامی آبادی کی زندگی کو درہم برہم کرنا تھا، دہشت گرد بلوچستان کی ترقی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ اسی طرح دہشت گردوں نے ضلع گوادر اور خاران میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا گیا، دہشت گردوں نے دانستہ طور پر 18 بے گناہ افراد کو نشانہ بنایا، شہید ہونے والوں میں خواتین، بچے، بزرگ اور مزدور شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران دو روز میں آپریشنز کے دوران 133 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا، آوان میں 3 خودکش سمیت 92 شرپسندوں کو ہلاک ہوئے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ آپریشن میں حصہ لینے والے 15 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، فورسز نے مختلف شہروں میں کارروائیاں کرکے شرپسندوں کو فوری جواب دے کر علاقہ کلین اپ کیا۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

میں ہونے والی ایک اعلیٰ سطح ملاقات کے دوران سامنے آئی۔ ملاقات کا مقصد دوطرفہ تجارتی تعاون کا جائزہ لینا اور اسے فروغ دینا تھا جس میں خاص طور پر ترکیہ کو پاکستان کے چاول کی برآمدات بڑھانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

کارکردگی اور علاقائی مسابقت بڑھانے میں اہم قرار دیا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پورٹ انفراسٹرکچر کی توسیع اور جدید کاری سے تجارتی حجم مضبوط ہوگا اور پاکستان کی اقتصادی ترقی اور سمندری تجارت میں مدد ملے گی۔ صدر آصف زرداری نے اسلام آباد میں اے ڈی پورٹس گروپ کے نمائندہ دفتر کے قیام کا خیرمقدم کیا اور تجارتی سہولت کاری میں گروپ کے ڈیجیٹل اور کسٹمز کے اقدامات کی تعریف کی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور پاکستان کے متحدہ عرب امارات میں سفیر بھی موجود تھے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

حکام، چینی و پاکستانی کمپنیوں کے نمائندے اور سرمایہ کاروں نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں معدنی ترقی کو مرکزی اہمیت دی جارہی ہے تاکہ رابطوں کو پیداواری صلاحیت، برآمدات اور طویل مدتی معاشی نمو میں بدلا جاسکے۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

روپے میں سے 105 ارب روپے وزارت خزانہ کی جانب سے ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹ کے طور پر پاور ڈویژن کو فراہم کیے گئے، جبکہ باقی 95 ارب روپے پاور ڈویژن نے اپنے بجٹ ہیڈ کے تحت ڈسکوز میں حکومتی ایکویٹی سرمایہ کاری کی مد میں جاری کیے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں گردشی قرضے کا حجم 2.384 کھرب روپے تھا جبکہ اس وقت معمولی کمی 9 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا تھا۔ پاور ڈویژن نے مالی سال 2025–26 کی پہلی سہ ماہی کے لیے گردشی قرضہ 1.766 کھرب روپے تک محدود رکھنے کا ہدف مقرر کیا تھا، تاہم اصل حجم 1.693 کھرب روپے رہا۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

کے محکموں کے طویل مدتی بقایاجات کے مسائل حل کرنا تھا۔ ایم این اے سید ابرار علی شاہ نے دونوں ڈسکوز کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے زور دیا کہ تصفیہ شدہ واجبات فوری طور پر ادا کیے جائیں۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ مالی سال 2026 کی پہلی سہ ماہی میں حقیقی جی ڈی پی شرح نمو 3.7 فیصد سالانہ رہی، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 1.6 فیصد تھی۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

پہنچ سکتی ہے۔ دوسری جانب اسٹیٹ بینک نے آئندہ دو سال کے لیے 5 فیصد سے 7 فیصد کی حد کا تخمینہ لگایا ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ ایس اینڈ پی کی پیش گوئی کردہ شرح یعنی 5.1 سے 5.6 فیصد، اسٹیٹ بینک کی مقرر کردہ 5 سے 7 فیصد کی حد کے اندر ہی آتی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ 2026 سے 2027 تک مہنگائی کی شرح مستحکم یا اس میں معمولی اضافہ رہے گا۔ بیرونی محاذ پر ایس اینڈ پی نے سال 2026 میں پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا تخمینہ جی ڈی پی کے 0.5 فیصد پر لگایا ہے جس کے 2027 میں بڑھ کر 1.3 فیصد ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

احمد نے پریس کانفرنس میں اس حوالے سے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ گورنر اسٹیٹ بینک کے مطابق نئے کرنسی نوٹس کی تیاری کا عمل اپنے آخری مراحل میں داخل ہوچکا ہے اور تمام تکنیکی امور تقریباً مکمل کیے جاچکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کابینہ سے حتمی منظوری ملتے ہی دو سے تین مختلف مالیت کے نئے ڈیزائن کے بینک نوٹس بیک وقت چھاپے جائیں گے، نئے نوٹوں کی چھپائی کا عمل کافی حد تک آگے بڑھ چکا ہے، تاہم انہیں فوری طور پر مارکیٹ میں متعارف نہیں کرایا جائے گا۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

خانوں میں ابتدائی درخواست سے لے کر حتمی ترسیل تک پاسپورٹ کے مکمل عمل کی 24 گھنٹے نگرانی کو ممکن بناتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پرنٹنگ کے عمل کو خودکار بنانے کے لیے جرمنی کی تیار کردہ نئی مشینیں بھی نصب کردی گئی ہیں جس سے انسانی مداخلت کا مؤثر خاتمہ اور محکمے کی استعداد کار میں اضافہ ہوا ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق پاکستانی پاسپورٹ کے سیکیورٹی فیچرز کو بھی انٹرنیشنل سول ایوی ایشن آرگنائزیشن کے عالمی معیار کے مطابق اپ گریڈ کردیا گیا ہے۔ وزیر داخلہ کی ہدایات پر ایمرجنسی ٹریول ڈاکیومنٹس کے اجراء کو بھی ڈیجیٹل فارمیٹ میں منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

انٹرسٹ) اور دیوان پٹرولیم (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ڈی پی ایل) پر مشتمل ہے جس کا حصہ 10 فیصد ہے۔ نوٹس کے مطابق تیری، ون کلچاس ساؤتھ بلاک میں کھودا جانے والا پہلا ایکسپلورٹری کنواں ہے جو 11 نومبر 2025 کو شروع کیا گیا اور 7,170 فٹ کی گہرائی تک کھودا گیا۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

اور انتہائی مؤثر ہے۔ اس میں 100 کلوواٹ آور بیٹری، 400 کلوواٹ PSM موٹر نصب ہے، جبکہ اس کی لمبائی 26 فٹ سے کچھ زیادہ ہے۔ Frauscher کے اشتراک سے تیار کی گئی یہ کشتی اندرونی اور بیرونی ڈیزائن میں Macan سے بھرپور مماثلت رکھتی ہے۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

تمام وزارتوں اور پرنسپل اکاؤنٹنگ افسران کو بھجوائی گئی ہیں، جن کے تحت وفاقی اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ محصولات اور اخراجات میں ماحولیاتی اور موسمیاتی اہمیت رکھنے والے عناصر کی نشاندہی کریں، انہیں درجہ بندی کریں اور ٹیگ کریں۔ اس عمل کے ساتھ مالی سال 2024-25 کے حقیقی اعداد و شمار، 2025-26 کے نظر ثانی شدہ تخمینے اور 2026-27 کے بجٹ تخمینے بھی جمع کرانا ہوں گے۔ موسمیاتی اور آفات سے متعلق بجٹ سازی کا یہ توسیعی فریم ورک حکومت کے عبوری معاشی خاکے کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

وسیع اور محتاط مارکیٹ کو 27 رکنی یورپی یونین، جس کا سب سے بڑا تجارتی پارٹنر ہے، کے ساتھ آزادانہ تجارت کے لیے کھولنے کا راستہ فراہم کرے گا۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ یورپی یونین اور بھارت کے درمیان ایک بڑا معاہدہ طے پایا۔ دنیا بھر کے لوگ اسے سب سے بڑے معاہدے کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

مارے گئے ہیں، جن کا مقصد بدعنوانی، بدانتظامی اور ترقیاتی فنڈز کی مبینہ خرد برد کی تحقیقات کرنا ہے۔ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (SBCA) ضلع وسطی پر معائنہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ضلع وسطی کراچی نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (SBCA) کے ضلع وسطی کے دفتر میں مجاز اتھارٹی کی پیشگی منظوری سے اچانک معائنہ کیا۔ اس کارروائی کی قیادت ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن وسطی کراچی عبدالوہاب طالبانی نے کی۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

بنتا ہے۔ تاہم، دسمبر 2025 میں ٹیکسٹائل برآمدات سالانہ بنیاد پر نو فیصد اور ماہانہ بنیاد پر پانچ فیصد کم ہو گئیں۔ ٹیکسٹائل اور اپیرل برآمدات میں مصنوعات کے لحاظ سے کارکردگی مختلف رہی۔ روایتی ٹیکسٹائل برآمدات (ایچ ایس چیپٹر 50–60) کم ہوکر 1.65 ارب ڈالر سے 1.49 ارب ڈالر تک پہنچیں۔

اسلام آباد: وزیر تجارت جام کمال کورونا انڈا ہائی کمیشن کافی فیسٹیول میں کافی پیش کی جا رہی ہے

پی آئی اے نئی انتظامیہ کی قیادت میں بلندیوں کو چھوئے گی، شہباز شریف

پی آئی اے کی کارکردگی، وقت کی پابندی، کیبن سروس اور مجموعی پیشہ ورانہ معیار میں نمایاں بہتری آئے گی، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نئی انتظامیہ، یعنی عارف حبیب کنسورشیم، کی قیادت میں نئی بلندیوں کو چھوئے گی۔ ان کا یہ بیان حکومت اور عارف حبیب کنسورشیم کے درمیان پی آئی اے کی حالیہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

ورچوئل انویسٹر روڈ شو کو تاریخی سطح کی عالمی توجہ قرار دیا گیا ہے

اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کی جانب سے ڈیبٹ مینجمنٹ آفس اور وزارتِ خزانہ وریونیو کے اشتراک سے منعقد کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کی جانب سے ڈیبٹ مینجمنٹ آفس اور وزارتِ خزانہ وریونیو کے اشتراک سے منعقد کیا گیا ورچوئل انویسٹر روڈ شو، تاریخی سطح کی عالمی توجہ قرار دیا گیا ہے۔ وفاقی وزیرخزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا کہ اس روڈ شو میں 225 سرمایہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

ایبٹ آباد: برف باری کے دوران سڑک سے برف ہٹائی جا رہی ہے جبکہ نتھیا گلی میں بجلی کی بحالی کا کام کیا جا رہا ہے

خوشحال مستقبل کے لیے پاکستان اور جرمنی مشترکہ اقدامات کریں

پاکستانی ٹیکسٹائل مصنوعات کی جرمنی میں کافی مانگ ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان اور جرمنی کے ٹیکسٹائل سیکٹر کے درمیان گہرے تعلقات ہیں

ٹاول مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن میں منعقدہ ورکشاپ سے جرمن قونصل کمرشل اینڈ اکنامک افیئر زمسز اینا کلاس کا خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹاول مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن میں منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے جرمن کی قونصل کمرشل اینڈ اکنامک افیئر زمسز اینا کلاس نے کہا کہ پاکستان اور یورپ کی باہمی معاشی شراکت داری نمایاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ٹیکسٹائل مصنوعات کی جرمنی میں کافی مانگ ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان اور جرمنی کے ٹیکسٹائل سیکٹر کے درمیان گہرے تعلقات ہیں۔ جرمنی میں ٹیکسٹائل اور ٹاول پروڈیوسر کی ایک پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور جرمنی مل کر کام کریں گے تو ہمارا مستقبل پائیدار اور تابناک ہوگا، ہمیں خوشی ہے کہ پاکستانی ایکسپورٹرز جرمن امپورٹرز (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

ہر پاکستانی شہری 3 لاکھ 33 ہزار روپے کا مقروض ہو گیا

وفاقی مالی خسارہ جی ڈی پی کے 6.2 فیصد تک پہنچ گیا جبکہ قانون کے مطابق یہ حد 3.5 فیصد سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے تھی

حکومت نے نئے محکمے قائم کیے، وفاقی کابینہ میں توسیع کی اور نئی گاڑیاں و فرنیچر خرید، حالانکہ سرکاری سطح پر کفایت شعاری کے دعوے کیے جاتے رہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ہر پاکستانی شہری پر قرضے کا بوجھ 3 لاکھ 33 ہزار روپے تک پہنچ گیا۔ یہ انکشاف وزارت خزانہ کی جانب سے پارلیمنٹ میں پیش کی گئی سالانہ فسکل پالیسی اسٹیٹمنٹ میں کیا گیا ہے۔ جس کے مطابق مالی سال 2023-24 میں فی کس قرضہ 2 لاکھ 94 ہزار 98 روپے تھا، جو مالی سال 2024-25 میں بڑھ کر 3 لاکھ 33 ہزار 41 روپے ہو گیا۔ اس طرح ایک سال کے دوران ہر پاکستانی پر قرضے میں تقریباً 39 ہزار روپے کا اضافہ ہوا، یہ حساب ملک کی 24 کروڑ 15 لاکھ آبادی کو مدِنظر رکھ کر لگایا گیا ہے۔ وزارتِ خزانہ کے مطابق جون 2024 سے جون 2025 کے دوران مجموعی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

ایل پی جی کی قیمت میں 6.37 روپے فی کلو اضافہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی نے جاری نوٹیفکیشن میں مائع پیٹرولیم گیس کی قیمت میں 6.37 روپے فی کلوگرام اضافہ کر دیا ہے۔ اتھارٹی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

گل پلازہ سانحے کے متاثرین کے لیے بڑے ریلیف پیکیج کی منظوری دے دی گئی

کابینہ نے کراچی کی ترقی اور عوامی سہولت کی بہتری کے لیے اربوں روپے کے انفراسٹرکچر، ٹرانسپورٹ، پانی اور فلاحی منصوبوں کا آغاز کیا جائیگا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ کابینہ نے گل پلازہ سانحے کے متاثرین کے لیے بڑے ریلیف اور بحالی پیکیج کی منظوری دے دی ہے اور تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پر ضروری کارروائی کے لیے وزیراعلیٰ کی زیرِ صدارت اعلیٰ سطح کی ذیلی کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔ کابینہ نے کراچی کی ترقی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

موہن جو دڑو میں کھدائی کے دوران اہم ترین دریافت

سندھ حکومت آثارِ قدیمہ کے تحفظ، تحقیق اور فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی

موہن جو دڑو (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ کے قدیم مقام موہن جو دڑو پر کھدائی کے دوران اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ محکمہ نوادرات و آرکیالوجی سندھ کے مطابق ماہرین نے موہن جو دڑو میں کھدائی کے دوران شہر کی حفاظت کیلئے بنائی گئی دیوار (فصیل) دریافت کر لی ہے۔ مرکزی شہر کے گرد کچی اینٹوں سے بنی فصیل دریافت کی گئی ہے، موہن جو دڑو پر پاک امریکا مشترکہ آثارِ قدیمہ مشن کے تحت کھدائی کا کام جاری ہے۔ امریکی پروفیسر جوناتھن مرک کینو یئر اور علی لاشاری کی نگرانی میں ٹیم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

ایوانسیون لمیٹڈ نے پاکستان میں 9 ملین ڈالر کے بڑے منصوبے حاصل کر لیے

اس ٹیکنالوجی کمپنی کو توانائی شعبے کے منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 7.5 ملین ڈالر مالیت کا لیٹر آف انٹینٹ جاری کیا گیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایوانسیون لمیٹڈ (اے وی این) نے پاکستان کے توانائی، انفراسٹرکچر اور ہاسپٹیلٹی کے شعبوں میں 9 ملین ڈالر مالیت کے بڑے منصوبے حاصل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ لسٹڈ کمپنی نے اسٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے اپنے نوٹس میں اس پیش رفت سے آگاہ کیا۔ ذرائع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے ردوبدل کے ساتھ پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 11 روپے 30 پیسے فی لٹر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

بلوچستان حملے، امریکا اور برطانیہ کی مذمت

پاکستان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار اور ملک میں امن و استحکام کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے

ان حملوں کی ذمہ داری کالعدم تنظیم بی ایل اے نے قبول کی ہے، جسے امریکہ نے غیر ملکی دہشت گرد تنظیم قرار دے رکھا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ نے 31 جنوری کو پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں ہونے والے دہشت گردانہ حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار اور ملک میں امن و استحکام کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ گزشتہ روز جاری ایک بیان میں امریکی ناظم الامور نٹیلی بیکر نے ان حملوں کی مذمت کی جن میں سکیورٹی اہلکاروں اور عام شہریوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ان حملوں کی ذمہ داری کالعدم تنظیم بی ایل اے نے قبول کی ہے، جسے امریکہ نے غیر ملکی دہشت گرد تنظیم قرار دے رکھا ہے۔ نٹیلی بیکر نے متاثرین اور ان کے خاندانوں سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام تشدد اور خوف سے پاک زندگی گزارنے کے حقدار ہیں اور امریکہ امن کی کوششوں میں پاکستان کا ثابت قدم شراکت دار رہے گا۔ بلوچستان کے مختلف اضلاع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

سوشل میڈیا استعمال کرنے والے کسٹمز اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا عندیہ

ایف بی آر نے سرکاری ملازمین کی جانب سے سوشل میڈیا کے استعمال سے متعلق ایک باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا ہے

فیلڈ فارمیشنز سے تعلق رکھنے والے افسران اور اہلکار مجاز اتھارٹی سے پیشگی اجازت حاصل کیے بغیر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز استعمال کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے خبردار کیا ہے کہ کسٹمز کے وہ افسران اور اہلکار جو مجاز اتھارٹی سے پیشگی اجازت یا منظوری لیے بغیر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز استعمال کر رہے ہیں، ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ اس حوالے سے ایف بی آر نے سرکاری ملازمین کی جانب سے سوشل میڈیا کے استعمال سے متعلق ایک باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ ایف بی آر کی فیلڈ فارمیشنز کے مطابق یہ بات تشویش کے ساتھ نوٹ کی گئی ہے کہ کسٹمز کی فیلڈ فارمیشنز سے تعلق رکھنے والے افسران اور اہلکار مجاز اتھارٹی سے پیشگی اجازت حاصل کیے بغیر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز استعمال کر رہے ہیں، جو گورنمنٹ سرونٹس کنڈکٹ رولز 1964 کے تحت بدانتظامی کے زمرے میں آتا ہے۔ ایف بی آر نے مزید ہدایت کی ہے کہ اس ضمن میں اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

دبئی: خاتونِ اول آصفہ بھٹو اور بختاور بھٹو زرداری فیوچر میوزیم کا دورہ کر رہی ہیں

فوجی سیمنٹ اور کیپکو اٹک سیمنٹ لمیٹڈ کے 84 فیصد حصص حاصل کے لیے متحرک

اس انتظام کے تحت فوجی سیمنٹ 5 کروڑ 77 لاکھ 60 ہزار عام حصص خریدے گی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اطلاعات کے مطابق کیپکو پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے نوٹس میں اس پیش رفت سے آگاہ کیا۔ جس کے مطابق 30 جنوری 2026 کو کوٹ ادو پاور کمپنی (کیپکو)، فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ (خریداروں) اور فرعون انویسٹمنٹ گروپ لمیٹڈ ہولڈنگ ایس اے ایل (فروخت کنندہ) کے درمیان سیل اینڈ پرچیز ایگریمنٹ (ایس پی اے) طے پا گیا ہے۔ یہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

بلوچستان میں فورسز کا آپریشن مکمل، دو روز میں 133 دہشتگرد ہلاک، 15 جوان شہید

دہشت گردوں نے دانستہ طور پر 18 بے گناہ افراد کو نشانہ بنایا، شہید ہونے والوں میں خواتین، بچے، بزرگ اور مزدور شامل ہیں

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف آپریشن مکمل کر لیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق بھارتی حمایت فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی، شر پسندوں نے کوئٹہ، مستونگ، نوشکی، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

کے ایم سی کی جانب سے فریئر ہال میں منعقدہ 3 روزہ پھولوں کی نمائش کا منظر

جولائی تا دسمبر، پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ 75 ارب روپے کے اضافے تک محدود

یہ کمی وفاقی حکومت کی جانب سے منظور کردہ 200 ارب روپے کی سبسڈی کے اجرا کے بعد ممکن ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک کے پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ مالی سال 26-2025 کے پہلے چھ ماہ (جولائی تا دسمبر) کے دوران کم ہو کر 75 ارب روپے کے اضافے تک محدود رہا، جس کے بعد مجموعی حجم گھٹ کر 1.689 کھرب روپے ہو گیا۔ یہ کمی وفاقی حکومت کی جانب سے منظور کردہ 200 ارب روپے کی سبسڈی کے اجرا کے بعد ممکن ہوئی۔ ذرائع کے مطابق اس 200 ارب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

حیسکو اور سیپکو کے بقایا واجبات 65 ارب روپے تک پہنچ گئے

سندھ حکومت کے نمائندگان اور دونوں ڈسکوز کے سی ای اوز کے درمیان اختلافات سامنے آئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاور ڈویژن نے قومی اسمبلی کی ایک کمیٹی کو بتایا کہ صوبائی حکومت کے بقایا غیر ادا شدہ بجلی کے واجبات کا تصفیہ کر کے انہیں براہِ راست کٹوتی کے ذریعے وصول کیا جائے گا جبکہ حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) اور سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) کے بقایا واجبات 65 ارب روپے تک پہنچ گئے ہیں۔ یہ اعداد و شمار حیسکو اور سیپکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز نے قومی اسمبلی کی اس کمیٹی کے ساتھ شیئر کیے، جس کی سربراہی سید وسیم حسین کر رہے تھے اور کمیٹی کا مقصد سندھ حکومت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

معدنی برآمدات 8 ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف

حکومت نے چینی کمپنیوں کو پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں شرکت کی باضابطہ دعوت دے دی ہے جو 8 اور 9 اپریل کو منعقد ہوگا

پاکستان میں 92 اقسام کے معدنیات پائی جاتی ہیں جن میں سے 52 کی کان کنی ہو رہی ہے، تاہم برآمدات اب بھی کم ہیں، احسن اقبال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سی پیک کے تحت پاک چین اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے حکومت نے چینی کمپنیوں کو پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں شرکت کی باضابطہ دعوت دے دی ہے جو 8 اور 9 اپریل کو منعقد ہوگا، پاکستان کے معدنی وسائل برآمدات میں نمایاں اضافے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور آئندہ چند برسوں میں سالانہ 6 سے 8 ارب ڈالر تک معدنی برآمدات ممکن بنائی جا سکتی ہیں۔ یہ بات وفاقی وزرا احسن اقبال، علی پرویز ملک اور قیصر احمد شیخ نے اسلام آباد میں پاک چین منرل کوآپریشن فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ فورم میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ، سرکاری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

پاکستان نے ترکیہ کو مسابقتی نرخوں پر باسمتی چاول فراہم کرنے کے لیے اقدامات تیز کر دیے

وفاقی وزیر جام کمال خان نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ رواں سیزن کے دوران پاکستان میں چاول کی بہترین فصل ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے حکومت کے تعاون یافتہ سپورٹ میکانزم کے ذریعے عالمی قیمتوں سے ہم آہنگ رہنے کی پیشکش کی ہے تاکہ ترکیہ کو بین الاقوامی سطح پر مسابقتی نرخوں پر باسمتی اور نان باسمتی، دونوں اقسام کے چاول فراہم کیے جا سکیں۔ یہ پیشرفت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو کے درمیان وزارت خارجہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

صدر مملکت کی اے ڈی پورٹس گروپ کے مینیجنگ ڈائریکٹر سے ملاقات

دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پورٹ انفراسٹرکچر کی توسیع اور جدید کاری سے تجارتی حجم مضبوط ہوگا

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اے ڈی پورٹس گروپ کے مینیجنگ ڈائریکٹر اور گروپ سی ای او کیپٹن محمد جمعہ الشمیسی سے ملاقات کی۔ صدر آصف زرداری نے اے ڈی پورٹس گروپ کی طویل مدتی سرمایہ کاری اور پاکستان کے سمندری اور لاجسٹک شعبے میں بڑھتے ہوئے کردار کو سراہا اور اسے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے اقتصادی تعلقات کے اہم ستون کے طور پر قرار دیا۔ انہوں نے کراچی پورٹ میں گروپ کی جاری سرمایہ کاری کو پورٹ کی صلاحیت، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

دسمبر 2026: زرمبادلہ ذخائر 20.2 ارب ڈالر کی سطح تک پہنچنے کی توقع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے معیشت کے حوالے سے ایک حوصلہ افزا تصویر پیش کرتے ہوئے مالی سال 2026 کے لیے جی ڈی پی نمو کا تخمینہ بڑھا کر 3.75 سے 4.75 فیصد کے درمیان کر دیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دسمبر 2026 تک اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر بڑھ کر 20.2 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح تک پہنچنے کی توقع ہے۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

پورشے نے اپنی پُرتعیش اسپیڈ بوٹ کی رونمائی کر دی

یہ ایک اسپورٹس بوٹ ہے جسے پورشے کی نسبتاً نئی EVTurboMacan کے ڈیزائن پر تیار کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آٹو موبائل کمپنی پورشے نے انتہائی پُرتعیش اسپیڈ بوٹ کی رونمائی کر دی۔ جرمن موٹرنگ دیو پورشے مالدار افراد کو اپنی نئی Spectre790PorschexFrauscher کے ذریعے متوجہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ پانچ لاکھ یورو سے زیادہ مالیت کی یہ اسپیڈ بوٹ ایک مکمل طور پر الیکٹرک اسپورٹس بوٹ ہے، جسے پورشے کی نسبتاً نئی EVTurboMacan کے ڈیزائن اور سسٹم پر تیار کیا گیا ہے۔ پورشے کا دعویٰ ہے کہ اس کی یہ نئی واٹر کرافٹ ہلکی، پھرتیلی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

وزارت خزانہ نے مالی سال 2026-27 کے لیے بجٹ کال سرکلر جاری کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خزانہ نے مالی سال 2026-27 کے لیے بجٹ کال سرکلر جاری کر دیا ہے۔ جس میں مجموعی قومی پیداوار کی شرح نمو 5.1 فیصد اور مہنگائی 6.5 فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ٹیکس اور نان ٹیکس محصولات کے گرین اجزا، موسمیاتی تبدیلی سے منسلک سبسڈیز اور آفات سے متعلق بجٹ سازی کے بارے میں تفصیلی ہدایات بھی جاری کی گئی ہیں۔ یہ نئی ہدایات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

پیرس: چیئرپرسن خارجہ امور کمیٹی حنا ربانی کھر فرانسیسی ہم منصب سے مصافحہ کر رہی ہیں

لاہور: بھاٹی گیٹ کے سامنے گٹر میں گرنے والی ماں بیٹی

ایس اینڈ پی کی حالیہ میکرو اکنامک پیش گوئیاں اسٹیٹ بینک تخمینوں کے مطابق ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے ایس اینڈ پی گلوبل مارکیٹ انٹیلیجنس (ایس اینڈ پی) کی حالیہ میکرو اکنامک پیش گوئیاں وسیع پیمانے پر اسٹیٹ بینک کے تخمینوں کے مطابق ہیں۔ ایک بیان میں خرم شہزاد نے بتایا کہ ایس اینڈ پی نے 2026 میں مہنگائی کی شرح 5.1 فیصد رہنے کی پیش گوئی کی ہے جو 2027 میں معمولی اضافے کے ساتھ 5.6 فیصد تک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

بھارت اور یورپی یونین نے تاریخی تجارتی معاہدے پر اتفاق کر لیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت اور یورپی یونین نے تاریخی تجارتی معاہدے پر اتفاق کر لیا ہے جو دنیا کی معیشت کا تقریباً ایک چوتھائی حصے کی نمائندگی کرے گا۔ یہ معاہدہ ایسے وقت میں طے پایا ہے جب دونوں فریق امریکہ سے تعلقات میں غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر اپنی تجارتی حکمت عملی مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق تقریباً دو دہائیوں سے زائد عرصے سے جاری مذاکرات کے بعد یہ معاہدہ بھارت کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد نئے ڈیزائن کے کرنسی نوٹس کی چھپائی کا عمل شروع کر دیا جائے گا

نئے نوٹوں کی چھپائی کا عمل کافی حد تک آگے بڑھ چکا تاہم مارکیٹ میں متعارف نہیں کرایا جائے گا، گورنر اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ملک میں کرنسی نوٹس کے نظام سے متعلق ایک اہم پیش رفت کا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد نئے ڈیزائن کے کرنسی نوٹس کی چھپائی کا عمل شروع کر دیا جائے گا۔ اسٹیٹ بینک کے گورنر جمیل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

اینٹی کرپشن نے کراچی میں اپنی کارروائیوں کو مزید تیز کر دیا

ضلع وسطی اور دیگر علاقوں میں متعدد اہم اداروں کے اچانک معائنے کیے اور چھاپے مارے گئے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ سندھ نے کراچی میں کرپشن کے خلاف اپنی کارروائیوں کو مزید تیز کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر سردار محمد بخش مہر کی خصوصی ہدایت پر حالیہ دنوں میں ضلع وسطی اور دیگر علاقوں میں متعدد اہم اداروں کے اچانک معائنے کیے اور چھاپے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

ماری انرجیز لمیٹڈ نے ڈیرہ بگٹی سے گیس کی دریافت کا اعلان کر دیا

تبری، ون کلچاس ساؤتھ بلاک میں کھودا جانے والا پہلا ایکسپلورٹری کنواں ہے جو 11 نومبر 2025 کو شروع کیا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ماری انرجیز لمیٹڈ نے بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی میں واقع کلچاس ساؤتھ بلاک میں کھودے گئے تبری-ون کنویں سے گیس کی دریافت کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی نے اسٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے ایک نوٹس میں تحریر کیا کہ کلچاس ساؤتھ جوائنٹ وینچر، یونائیٹڈ انرجی پاکستان لمیٹڈ (یو ای پی ایل) بطور آپریٹر (46 فیصد ورکنگ انٹرسٹ)، ماری انرجیز لمیٹڈ (44 فیصد ورکنگ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

وفاقی وزیر داخلہ نے جدید ترین مانیٹرنگ سسٹم کا افتتاح کر دیا

درخواستوں، پرنٹنگ کے عمل اور پاسپورٹ ڈپارٹمنٹ کی کارکردگی میں مکمل اصلاحات کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے

پرنٹنگ کے عمل کو خودکار بنانے کے لیے جرمنی کی تیار کردہ نئی مشینیں بھی نصب کر دی گئی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت داخلہ کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے شکرا (SHUKRA) نامی جدید ترین مانیٹرنگ سسٹم کا افتتاح کیا ہے، یہ سسٹم پاسپورٹ کی درخواستوں، پرنٹنگ کے عمل اور پاسپورٹ ڈپارٹمنٹ کی کارکردگی میں مکمل اصلاحات کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ نظام جسے سیکیور ہائبرڈ انٹیلیجنس فار نالج بیلنڈ ریسپونس اینالیٹکس (شکرا) کا نام دیا گیا ہے، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹس میں مکمل ڈیجیٹلائزیشن کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزارت داخلہ نے بتایا کہ شکرا سسٹم پاکستان سمیت دنیا بھر کے سفارت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

مالی سال 2026 ٹیکسٹائل برآمدات 9.19 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

یورپی یونین پاکستان کا سب سے بڑا بازار رہا، جس میں برآمدات 3.67 ارب ڈالر رہوئیں

امریکہ 2.47 ارب ڈالر کے ساتھ دوسرے نمبر پر آیا، برطانیہ میں برآمدات 892 ملین ڈالر رہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ٹیکسٹائل کونسل (پی ٹی سی) نے کہا ہے کہ ملک کے ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل شعبے جس میں بیڈ اپیرل، وون اپیرل اور ہوم ٹیکسٹائل شامل ہیں نے مستحکم نمو دکھائی اور پہلے نصف سال مالی سال 2026 میں تین فیصد سے زائد بڑھ کر 7.70 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جس کی قیادت نٹ ویئر اور نان نٹ اپیرل کی مضبوط کارکردگی نے کی۔ ٹیکسٹائل شعبہ پاکستان کی برآمدات میں سب سے بڑا حصہ دار رہا، اور مالی سال 26 کے جولائی تا دسمبر میں برآمدات 9.19 ارب ڈالر تک پہنچیں، جو مالی سال 25 کے مقابلے میں ایک فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے اور مجموعی برآمدات کا تقریباً 61 فیصد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

Tijaratnewshd@gmail.com

0313-1176161

قیوم آباد پر پل پر گڑھے کے باعث کسی بھی بڑے حادثے کا خدشہ ہے جبکہ ٹریفک کی روانی بھی شدید متاثر ہو رہی ہے

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے چینی سفیر جیانگ زیڈونگ ملاقات کر رہے ہیں

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا